# اسمٰعیل شہید

عبداللہ بٹ

قومی کتب خانہ لاہور

# مقالات
## یومِ شاہ اسمٰعیل شہید

# شاہ اسمٰعیل شہید

مُرتّبہ

عبداللہ بٹ

سکرٹری

آل پنجاب مُسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن لاہور

---

ناشر

قومی کتب خانہ لاہور

اشاعتِ اوّل ۱۵۰۰

شیخ محمد نصیر ہمایوں نے اتحاد پریس ہل روڈ، لاہور
باہتمام شیخ امین الدین چھپوا کر
قومی کتب خانہ، ریلوے روڈ، لاہور
سے شائع کیا

تاریخِ اشاعت
یکم اکتوبر ۱۹۴۳ء

قیمت
ایک روپیہ آٹھ آنے

# لکھنے والے

# انتساب

شہدائے بالاکوٹ کی رُوحوں کے نام

وَلَا تَقُولُوا لِمَن يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللهِ

أَمْوَاتٌ بَلْ أَحْيَاءٌ وَلَٰكِن لَّا تَشْعُرُونَ ○

# پیش لفظ

غلامی بہت بڑی مصیبت ہے، لیکن اس پر قناعت عذاب عظیم سے کم نہیں ہندوستان کے مسلمانوں پر جو مصیبت نازل ہوئی ہے وہ تنہا جسم کی غلامی ہی نہیں بلکہ ذہنی مرعوبیت بھی ہے۔ ہم نے سات سو سال تک اس ملک پر حکومت کی لیکن انقلاباتِ زمانہ اور حوادثِ روزگار سے اس قدر متاثر اور مرعوب ہوئے کہ ایک طرف تو ماضی کی تمام روایات کو طاقِ نسیاں بنا دیا۔ اور دوسری طرف جمود و بے حسی کا اتنا مظاہرہ کیا کہ جس کی نظیر پیش کرنے سے تاریخ یکسر قاصر ہے۔ اس مرعوبیت کا اثر یہ ہے کہ ہمارے کان ان بزرگوں اور مشاہیر کے نام سے نا آشنا ہو گئے ہیں۔ جنہوں نے نہ صرف مسلمانوں کی عظمتِ رفتہ کو حاصل کرنے کے لئے اپنی جان تک قربان کرنے سے دریغ نہ کیا۔ بلکہ خدا کی زمین پر خدا کی بادشاہت قائم کر کے دُنیا کو ہمیشہ کے لئے امن وسلامتی بخشنا چاہی۔ ہم نے قومی ہیروؤں سے جو شرمناک سلوک روا رکھا اس کی ادنیٰ مثال یہ ہے کہ ہماری گزشتہ سو ڈیڑھ سو سال کی علمی زندگی میں قومی ہیروؤں کے جس قدر تذکرے لکھے گئے ہیں ان میں شاہ اسمٰعیل شہیدؒ اور حضرت سیّد احمد بریلوی رحؒ ایسی عظیم المرتبت شخصیتوں کا نام تک نہیں آتا۔

حضرت شاہ اسمٰعیل شہید اور اُن کی جماعت نے اسلام کی آزادی کی خاطر جس قدر تکلیفیں اور مصیبتیں برداشت کیں ہم اُن کے تصور سے بھی کانپ اُٹھیں۔ ان کی قربانیوں کو پڑھنے کیلئے

ناہیں کے جگر کی ضرورت ہے۔ آج ہندوستان کی آزادی کے لئے مختلف سیاسی جماعتیں جدوجہد
ہی ہیں۔ ان سیاسی جماعتوں نے اپنی معمولی معمولی قربانیوں کو نمایاں کرکے پیش کیا ہے۔ لیکن
ہدین کی اس مختصر سی جماعت نے جو عظیم الشان قربانیاں کیں اُس کی مثال قرونِ اولیٰ کے مسلمانو
ے علاوہ کہیں اور نہیں مل سکتی۔ لیکن ہم اس قدر خوفزدہ اور مرعوب ہو چکے تھے کہ ان بزرگوں
نام تک زبان پر لانا گناہ سمجھتے تھے۔

غلامی کے ان اثرات کے علاوہ ہندوستانی مسلمانوں پر قومی خیانت اور غدّاری کی لعنت
ے مسلط ہوگئی۔ ہماری تمام تحریکوں کی ناکامی کا باعث یہی غدّاری ہے۔ اپنی گذشتہ دو سو سال
تاریخ اُٹھا کر دیکھ لیجئے کہ ہماری معمولی سے معمولی غدّاری نے ہمیں کس قدر نقصان پہنچایا۔
سراج الدولہ اور ٹیپو سلطان کی شہادت میں یہ غدّاری کس قدر نمایاں ہے اور خود شاہ اسمٰعیل
شہید اور حضرت سیّد احمد بریلوی کی شہادت ہماری غدّاری کی ایک المناک داستان ہے۔

اس ماحول میں جس کے پس منظر کا ایک دھندلا سا خاکہ میں پیش کر چکا ہوں شاہ اسمٰعیل
شہید کی یاد منانا کوئی معمولی کام نہ تھا۔ پنجاب کے طلبا کی اس مختصر جماعت نے وہ کام انجام
جو بڑی بڑی مذہبی اور سیاسی جماعتیں اپنے بلند بانگ دعادی کے باوجود نہ کر سکیں۔
تی کہ وہ لوگ بھی شاہ شہید کی یاد منانے سے گریز کرتے رہے جو مجاہدین کے ساتھ ایک
خاص قسم کے ذہنی لگاؤ کا ڈھنڈورا پیٹتے رہتے ہیں۔

ہم نے محسوس کیا کہ شاہِ شہیدؒ کے پیغام سے ملّت کے تنِ مردہ میں زندگی کی حرارت پیدا
کرنے کی ضرورت ہے اور شاہِ شہید کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کو بے نقاب کرکے مرعوبیت اور

جمود کے طلسم کو توڑنا چاہئے تاکہ حال کی بے حسی کو دور کر کے ایک شاندار مستقبل کی طرح ڈالی جائے

"یوم شاہ اسمٰعیل شہیدؒ کے مجوزہ صدر ہز ہائنس نواب سر محمد ناصر الملک مہتر چترال مرحوم کی غیر حاضری میں دو اجلاس منعقد ہوئے جن کی صدارت علی الترتیب مولانا عبید اللہ صاحب سندھی اور مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی نے فرمائی۔

آل پنجاب مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن ہندوستان میں پہلی جماعت ہے جس نے ٹیپو شہید کی یاد منائی اور اس موقع پر پڑھے گئے مقالات کا مجموعہ شائع کر کے آزادیٔ ہند کے سب سے پہلے علمبردار کا یہ پیغام ملک کے گوشہ گوشہ میں پہنچایا:-

"آزادی کی زندگی کا ایک لمحہ غلامی کی صد سالہ زندگی سے بہتر ہے"۔

یہ خدائے بزرگ و برتر کا خاص لطف ہے کہ شاہ شہید کی یاد منانے کی سعادت بھی ہمارے ہی حصہ میں آئی۔ شاہ شہید کی زندگی میں صرف ایک چیز دکھائی دیتی ہے۔ وہ یہ کہ شاہ شہید ہر وقت اپنی جان ہتھیلی پر لئے پھرتے تھے اور جب کلمۃ الٰہی کو اس کی ضرورت ہوئی تو آپ نے اس کی پہلی صدائے دعوت پر اپنی تڑپتی ہوئی لاش کا اضطراب اور اپنی گردن کے خون کا فوارہ پیش کیا۔ شاہ شہید کی یاد منانے کا مقصد یہی ہے کہ ہم بھی اپنی زندگیاں قوم اور ملت کے لئے مفید بنائیں۔ پنجاب کے مسلم طلبا کی یہ جماعت شاہ شہید کے پیغام کو ہندوستان کے اطراف و اکناف میں پہنچانے کا تہیہ کر چکی ہے اور مقالات کا یہ مجموعہ اسی مقصد کے حصول کی طرف ایک قدم ہے۔

شورشِ عندلیب نے روحِ چمن میں پھونک دی ورنہ یہاں کلی کلی مست تھی خوابِ ناز میں

یہ مقالات اردو اور انگریزی میں شائع ہو رہے ہیں، انگریزی کے مقالات حصّہ اُردو سے مختلف ہیں۔ مَیں نے حضرت مولانا ابوالکلام آزاد کو یہ مسودے دکھائے تھے اور اُن سے مضمون لکھنے کی درخواست کی تھی، چنانچہ مولانا اِن مسودوں کو ساتھ لے گئے اور آپ نے ان مضامین کو پسند فرمایا، نیز آل پنجاب مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کو مبارکباد پیش کی، ایک خط کے دوران میں آپنے اپنے مضمون کا عنوان بھی تحریر فرمایا۔ "ان فکری عوامل کی مختصر تاریخ جس نے مولانا اسمٰعیل شہید کی اصلاحی اور عملی تحریک کو پیدا کیا تھا"، یہ مضمون ابھی تشنۂ تکمیل تھا کہ مولانا نظر بند کر لئے گئے، اور ہم ایک نایاب مضمون سے محروم رہ گئے +

مولانا غلام رسُول مہر کے پاس شاہ شہید سے متعلق مستند مواد موجود ہے۔ آپ شاہِ شہیدؒ پر ایک مبسُوط کتاب تحریر فرما رہے ہیں +

مَیں نے مولانا سیّد ابو الاعلیٰ صاحب مودودی سے درخواست کی کہ "یوم شاہ اسمٰعیل شہید" کی رسمِ افتتاح آپ نے ادا کی تھی اس لئے اس مجموعہ کی بسم اللہ بھی آپ ہی کیجئے۔ مولانا موصُوف کا مختصر سا دیباچہ اسی درخواست کا نتیجہ ہے۔ مَیں اس کے لئے مولانا کا شکر گذار ہُوں +

مَیں مقالہ نگار حضرات کا تہ دل سے شکر گذار ہُوں کہ انھوں نے اس اہم قومی خدمت میں فیڈریشن کے ساتھ تعاون فرمایا۔ مَیں اپنے ان تمام دوستوں اور رفقائے کار کا ممنون ہُوں جنھوں نے اس مجموعے کی ترتیب کا کام میرے سپرد کیا اور مجھے یہ عزّت بخشی +

۱۳ - برانڈرتھ روڈ
لاہور

عبداللہ بٹ

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی

اگرچہ ہندوستان میں مسلمانوں کی ترکتازیوں کا سلسلہ پہلی صدی ہجری کے آخر ہی سے شروع ہوگیا تھا اور تیرہویں صدی تک جاری رہا، لیکن چند غیر معروف مستثنیات کی گنجائش رکھتے ہوئے یہ کہا جاسکتا ہے کہ صحیح معنوں میں اسلامی جہاد اس سرزمین پر صرف ایک ہی مرتبہ ہؤا اور یہ وہی جہاد تھا جس کے امیر حضرت سیّد احمد رائے بریلوی اور سپہ سالار حضرت شاہ اسمٰعیل شہید رحمہما اللہ تھے۔ پہلے کی لڑائیاں نہ تو خالصۃً للہ تھیں، نہ ان کی نہ میں خالص اسلامی سیرت تھی، نہ ان میں اسلامی قوانینِ جنگ کی پوری پابندی کی گئی، اور نہ اُن کے نتیجہ میں خلافتِ الٰہیہ کبھی یہاں قائم ہوئی۔ اس لئے وہ بس لڑائیاں تھیں، جہاد فی سبیل اللہ نہ تھیں۔ لیکن پوری بارہ سو سال کی تاریخ میں یہ دو اللہ کے بندے ایسے نظر آتے ہیں جنہوں نے تمام نفسانی، قومی اور ملکی اغراض سے اور تمام جاہلی تعصبات و خواہشات سے پاک ہوکر صرف اس لئے جنگ کی کہ خدا کی زمین پر خدا کا قانون جاری ہو۔ فاسقین و فجّار کی جگہ صرف صالحین کی فوج مرتّب کی، جنگ و صلح دونوں حالتوں میں شریعت کے قوانین سے ذرّہ برابر تجاوز نہ کیا، اور جہاں ان کو حکمرانی کا موقع ملا وہاں بالکل خلفائے راشدین کے طرز کی حکومت قائم کی۔ دنیوی نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو ہندوستان میں

مسلمانوں کی تاریخ کا یہ چھوٹا سا واقعہ پچھلی عظیم الشان فتوحات اور سلطنتوں کے مقابلہ میں اتنا حقیر نظر آتا ہے گویا پہاڑ کے سامنے ایک رائی کا دانہ ہے۔ لیکن اسلامی نقطۂ نظر سے اگر دیکھا جائے تو اس ملک میں اسلامی تاریخ کا یہ واقعہ سب سے زیادہ درخشاں ہے۔ اور میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ خدا کی میزان میں ہندی مسلم قوم کے دوازدہ صد سالہ کارنامے میں سے جتنا حصّہ خیر کے پلڑے میں رکھے جانے کے قابل ہوگا اُس کا سب سے زیادہ وزنی جزء یہی ہوگا۔

اس عظیم الشان واقعہ کا جو اثر ہندوستان کے مسلمانوں پر ہونا چاہیئے تھا افسوس ہے کہ وہ نہیں ہو سکا۔ ایک حد تک اس بےحسی کی وجہ یہ بھی ہے کہ اعدائے دین کے خوف نے انہیں اس کا چرچا کرنے سے باز رکھا۔ مگر اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ مسلمانوں کا معیارِ قدر بدل چکا ہے۔ وہ دین اور صداقت اور سیرت کے لحاظ سے نہیں بلکہ فتوحات کی وسعت اور سلطنت کے رقبے اور حکمرانوں کی شان و شوکت کے لحاظ سے قیمتیں مشخص کرتے ہیں، اس لئے پچھلے سلاطین کی تاریخ تو ان کے لئے سرِاعتنا کی مستحق ہے۔ مگر دو "مولویوں" نے ہندوستان کے ایک گوشے میں خدا کے لئے لڑ کر جو سر کٹا دیا وہ اُن کے نزدیک اتنا حقیر کام ہے کہ اس کی طرف کسی توجہ کی ضرورت نہیں۔ نہ کوئی ریسرچ اسکالر اس کی چھان بین کرتا ہے، نہ اس کی تفصیلات کے ریکارڈ جمع کئے جاتے ہیں، نہ کوئی اس کے آثار کی تلاش میں نکلتا ہے، نہ ان بزرگوں کی تحریروں کو مرتب کرکے شائع کرنے کی کوئی سعی کی جاتی ہے۔ حتّٰی کہ عام تاریخوں میں اس واقعہ کی طرف اشارہ کرنے کی نوبت بھی نہیں آتی۔

تاہم غنیمت ہے کہ اب ذرا کچھ ہوش آیا ہے اور تھوڑا بہت بالاکوٹ کے شہیدوں
کا چرچا شروع ہو گیا ہے۔ اس سلسلہ کی ابتدا جریدۂ الفرقان بریلی نے شہید نمبر کی اشاعت
سے کی تھی، اور دوسری چیز یہ مجموعہ ہے جو اس وقت شائع ہو رہا ہے۔ یہ ایک کامیاب
کوشش ہونے کے علاوہ نہایت ہی مبارک اقدام ہے جس کے لئے جناب عبداللہ بٹ صاحب
اور آل پنجاب مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کے دیگر ارکان تحسین و آفریں کے مستحق ہیں۔ لیکن اِن
چیزوں کو صرف ابتدا ہونے کی حیثیت ہی سے غنیمت کہا جا سکتا ہے۔ حقیقت میں تو حضرت
سیّد احمد صاحب اور شاہ شہید کی تحریک کا جو حق ہندی مسلمانوں پر ہے اُسے ابھی واجب
الادا ہی سمجھنا چاہئے۔

ابوالاعلیٰ

# تمہیں سے اے مُجاہدو! جہان کا ثبات ہے

مولانا عبدالمجید سالک

ایڈیٹر

روزنامہ "انقلاب" لاہور

شہید کی جو موت ہے وہ قوم کی حیات ہے
تمہیں سے اے مجاہدو! جہان کا ثبات ہے

تمہاری ضَو سے پُرضیا جبینِ کائنات ہے
تمہاری مشعلِ وفا فروغِ شش جہات ہے

کواکبِ بقا ہو تم جہاں اندھیری رات ہے

کہ فرق ہے تمہاری اور عوام کی ممات میں
یہ نکتہ بے نظیر ہے معارف و نکات میں

جدا ہو کائنات سے تو محو اس کی ذات میں
تمہارا امتیاز ہے دوام میں ثبات میں

بقا ہے جس کی ذات کو وہ اِک خدا کی ذات ہے

بہادروں کے پنجہ ہائے تیغ زن عجیب ہیں
مجاہدوں کے بازوئے فلک فگن عجیب ہیں

مجاہد و شہید کے یہ بانکپن عجیب ہیں
یہ جسم ہائے خونچکان و بے کفن عجیب ہیں

حیات بھی حیات ہے، تو موت بھی حیات ہے

زکوٰۃ دے اگر کوئی زیادہ ہو تونگری بکھیر دے اناج اگر تو فصل ہو ہری بھری

چھٹیں جو چند ڈالیاں نمو ہو نخل تاک کی کٹیں جو چند گردنیں تو قوم کی ہو زندگی

لہو جو ہے شہید کا وہ قوم کی زکات ہے

بلائیں جن کی قوم لے تمہیں وہ شہسوار ہو تمہیں وہ سرفروش ہو تمہیں وہ جاں سپار ہو

تمہیں دفاع و احترامِ دیں کے ذمہ دار ہو جو تم نہ ہو تو امن کی بنا نہ استوار ہو

تمہاری تیغ ضامنِ نظامِ کائنات ہے

# اسوۂ شہید اور مسلمانانِ ہند

مولانا نصراللہ خاں عزیز
مدیر "مسلمان" لاہور

مولانا شاہ اسمٰعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کی ہنگامہ خیز زندگی سے مسلمانانِ ہند کیا سبق حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ مسئلہ متعدد اسباب کی بنا پر بہت ہی پیچیدہ ہے۔ اس راہ کی سب سے اہم مشکل یہ ہے کہ اس کے قابلِ تقلید اسوہ حسنہ کے اعتبار سے مسلمانوں کی نگاہ کا منتہائے مقصود ابتدا سے ہادئ عالم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت رہی ہے۔ آنحضرت کی حیاتِ مبارکہ جامع کمالات اور مجموعۂ حسنات ہے اور اس میں انسانی زندگی کے لئے نہ صرف مکمل ترین نمونہ موجود ہے بلکہ بہترین اسوہ ہے۔ اس لئے جب مسلمانوں کے سامنے کسی انسانی زندگی سے سبق اندوز ہونے کا سوال پیدا ہوتا ہے تو نگاہیں مثالِ جمالِ محمدی پر جم کر رہ جاتی ہیں اور دوسری ہر زندگی خواہ وہ کتنی بلند مرتبہ اور پاکیزہ نہاد ہو گردہو کر رہ جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمانوں میں "ہیرو ورشپ" کا جذبہ ترقی نہیں کر سکا۔ لیکن شاہ اسمٰعیل شہید کی زندگی کی سب سے بڑی خصوصیت جس کی بنا پر ہمیں اس سے سبق اندوز ہونا چاہئے یہ ہے کہ اس کے جملہ کمالات خود شمع نبوت سے مستنیر ہیں۔ اور جب ہم شاہ صاحب کے واقعاتِ حیات سے کوئی سبق حاصل کرنا چاہتے ہیں تو بالواسطہ طور پر اسوۂ نبوی ہی کی تقلید کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں شاہ صاحب کا ہم میں سے اور ہمارے جیسا ہونا تقلید و اتباع کے لحاظ سے زیادہ سہل ہے۔

## شاہ صاحب کا عہد

شاہ صاحب کی زندگی اس اعتبار سے بھی ہمارے لئے زیادہ اہم ہے کہ اس کی عام حیثیت ہمارے موجودہ حالات سے زیادہ مماثل ہے۔ انہوں نے بھی جس وقت دہلی کی زبوں حال بستی میں اپنی عبرت اندوز آنکھ کھولی تو مغلیہ سلطنت پر زوال کی آخری حالت طاری ہو چکی تھی۔ نہ صرف اندرونی طور پر حکومت کی رداے اقتدار پارہ پارہ ہو چکی تھی، بلکہ غیر ملکی تسلط و استیلا بھی حدِ تکمیل کو پہنچ چکا تھا۔ دہلی پر حکومت بلاشبہ شہنشاہِ مغلیہ "خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ" کی تھی، مگر حقیقت میں کمپنی بہادر حکمران تھی۔ عوام گمراہ، اسلامی تعلیمات سے دور اور اتباعِ اسلام سے نفور تھے۔ اوہام میں مبتلا، مکار صوفیوں اور بے عمل علماء کے معتقد تھے۔ عیش پروری اور نفاق عام تھا۔ اور زندگی کا تصور اتنا اور اسی نوع کا تھا جتنا اور جیسا آج کل ہے۔ یعنی راحت و آرام سے انفرادی زندگی کا بسر کرلینا۔ کوئی بلند نصب العین پیشِ نظر نہیں تھا۔

ایسی حالت میں حضرت شاہ اسمٰعیل رحمۃ اللہ علیہ منصۂ عمل پر نمودار ہوئے اور اپنی پُرخروش زندگی سے ایک ہنگامہ برپا کر دیا۔ اور ملتِ خفتہ کو اس قوت کے ساتھ جھنجھوڑا کہ یا تو لوگ اٹھ کر اُن کے ساتھ ہو گئے یا خوابِ شیریں کے برہم ہونے پر خفا ہو کر ان کے خلاف صف آرا۔ لیکن شاہ صاحب نے نہ اپنوں کی عقیدتوں سے دماغی توازن کو درہم ہونے دیا اور نہ مخالفین کی عداوت و اختلاف سے وہ ہراساں ہوئے۔ انہوں نے اپنے لئے اسلام کی تعلیمات اور سنتِ نبوی کی روشنی میں جو راہِ عمل تجویز کی تھی اس پر استقلال کے ساتھ گامزن رہے۔ یہاں تک کہ اپنی جان جاں آفریں کے سپرد کر دی اور ہندوستانی مسلمانوں کے سامنے اتنے گہرے نقوش چھوڑ گئے کہ ہر صاحب نظر بے اختیار اُن کو بوسہ دیتا

اور اُن کی پیروی کو باعثِ سعادت سمجھتا ہے ۔

## حیاتِ شہید کا سب سے بڑا سبق

حضرت شاہ اسمٰعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی کا سب سے بڑا سبق "عمل" ہے۔ اسلام کی تعلیمات میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مدارِ نجات صرف ایمان اور عملِ صالح ہے، بے عمل ایمان اور بے ایمان عمل دونوں ناکارہ ہیں۔ بلکہ نفاق جو بے ایمان بے عملی کا دوسرا نام ہے بدترین سزا کا مستحق قرار دیا گیا ہے۔ قولِ بے عمل کو اللہ تعالیٰ نے "کبر مقتاً" سے تعبیر کیا ہے۔ چنانچہ تصریحاتِ قرآنی سے معلوم ہوتا ہے کہ جو لوگ ایمان اور عملِ صالح کے مالک ہونگے اُن کو دنیا اور آخرت دونوں زندگیوں کی حسنات حاصل ہونگی اور جو لوگ اسلام سے بے بہرہ ہونگے مگر باعمل ہونگے اور زندگی کی غلط سلط جدوجہد کے مالک اُن پر بھی دنیوی کامرانی کے دروازے اس دنیا میں کھول دیئے جائیں گے۔ مگر جو لوگ منافق ہونگے یا بے عمل تو ان کو "خِزْیٌ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا" دنیوی زندگی کی ذلت اور آخرت میں "اَشَدُّ الْعَذَابِ" کا مزا چکھنا پڑے گا ۔

حضرت شاہ صاحب نے جس روز سے ہوش سنبھالا قول اور عمل کی یکسانی کو اپنا مقصدِ حیات قرار دیا۔ اُن کا دل گردوپیش کے حالات سے واقف ہوتے ہی سب سے زیادہ دو مصیبتوں پر کُڑھا۔ اول مسلمانوں کی اعتقادی گمراہی اور دینی بے عملی اور دوسرے غلامی۔ اور انہوں نے دونوں مصیبتوں کے خلاف جہاد کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ فیصلہ کر لینے کے بعد انہوں نے جہاد کا ساز و سامان فراہم کرنا شروع کیا۔ اول الذکر مصیبت کے اٹھانے کے لئے انہوں نے علمِ دین حاصل کیا اور ساتھ ہی علمِ دنیا منطق، فلسفہ، ہیئت، زبان دانی، تقریر و فصاحت، مناظرہ، تفسیر، حدیث اور فقہ جغرافیہ

تاریخ اور ریاضی۔ یہاں تک کہ معقولات و منقولات میں ان کو ید طولیٰ حاصل ہو گیا۔ اور بڑے بڑے علما اور مناظران سے بحث کرتے ہوئے گھبرانے لگے +

## جہاد کی تیاری

اس کے ساتھ ہی انہوں نے فنِ حرب، پیراکی کشتی سواری اور دوسرے فنونِ متداولہ کی تحصیل کی۔ اور ان میں اتنی مہارت اور مشق بہم پہنچائی کہ دہلی جیسے سر آمد روزگار شہر میں جو شہسواروں، پہلوانوں پیراکوں اور پھکیتوں کا مرکز تھا شاہ صاحب کا دبدبہ قائم ہو گیا۔ اور کسی کی ہمت نہ رہی کہ اس "مولوی زادے" سے جس کو شمس بازغہ اور کنز و قدوری سے فرصت نہ ہونی چاہئے تھی پنجہ لڑا سکے یا دعوت مبازرت دے سکے۔ پیراکی میں وہ مشق بہم پہنچائی کہ جمنا کی موجوں میں کھیتے ہوئے آگرہ پہنچ جاتے۔ سواری میں اتنی مہارت پیدا کی کہ سینکڑوں میل بے تکان اڑے چلے جاتے۔ پھر بدن کے دوسرے قویٰ پر قابو پانے کی مہم شروع کی، اور اس میں اتنے کامیاب ہوئے کہ فتح پوری مسجد کے سنگین فرش پر عین دوپہر کے وقت جون اور جولائی کے گرم مہینوں میں گھنٹوں برہنہ پا چلتے اور مطلق تکلیف محسوس نکرتے۔ ہفتوں کھانا نہ کھاتے اور کمزوری محسوس نہ کرتے۔ کئی کئی روز پانی کے بغیر گذار دیتے مگر معمولاتِ حیات میں فرق نہ آتا۔ سونے اور جاگنے پر بھی قدرت حاصل کر لی۔ جب چاہتے سو جاتے جب چاہتے جاگ اٹھتے۔ گرمی اور سردی کے متعلق جسم بالکل بے نیاز احساس ہو گیا۔ زندگی کا یہ پروگرام اس جہاد کی تیاری کے لئے تھا جس کا مقصد غلامی کو دور کر کے ملک میں منہاجِ نبوت کے مطابق حکومت و سلطنت قائم کرنا تھا +

زندگی کی اس باعملی ہی کا نتیجہ تھا کہ شاہ صاحب کی دعوتِ اصلاح پر ملک نے بلاتکلّف

لبیک کہا۔ یہاں تک کہ آج اس ملک میں توحید اور اتباعِ سنت کا جو کچھ غلغلہ ہے وہ زیادہ تر شاہ صاحب ہی کی سعی و جہد کا نتیجہ قرار دیا جا سکتا ہے۔

## دعوتِ اصلاح

شاہ صاحب کی زندگی صرف عمل کی زندگی تھی۔ وہ جس بات میں اعتقاد رکھتے تھے اور اعتقاد کے لئے صرف کتاب و سنّت کو کافی جانتے تھے۔ اس پر عمل کرتے تھے۔ ایک مرتبہ خیال آیا کہ طوائفوں کو بھی دعوتِ توبہ و اصلاح دینی چاہئے۔ یہ سوچتے ہی وہ دہلی کی سب سے زیادہ مشہور طوائف کے ہاں پہنچ گئے اور اس جوش اور تاثیر کے ساتھ وعظ کہا کہ اس گنہگار طبقے کی بھی ہچکیاں بندھ گئیں اور کئی رنڈیوں نے زندگی کا فاسقانہ انداز بدل کر پاکبازی اختیار کر لی۔ دہلی کے سب سے بڑے خاندان علماء کے ایک ممتاز چشم و چراغ کا اربابِ نشاط کے گھروں میں جانا کس کے وہم میں آ سکتا ہے؟ مگر تبلیغِ حق کے جذبے کو کوئی حجاب، شرم اور احتیاط روک نہ سکی، یہ شخصی عزت و وقار۔ خاندانی غرور و احترام اور شہری شہرت و آبرو سے بے پروائی کی مثال تھی۔ شاہ صاحب جہاں عقیدتوں کی پروا نہیں کرتے تھے۔ اسی طرح سلاطین و امرا کی ہیبت سے بھی بے نیاز تھے۔ بی بی کی صحنک اور تبرکات کے احترام کے واقعات سے معلوم ہوتا ہے کہ شاہ صاحب دنیوی جاہ و جلال سے بھی اعلائے کلمۃ الحق کے معاملے میں بالکل بے پروا تھے۔ لیکن یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ وہ نرے خشک ملا اور محض بے باک عالم تھے۔ شاہ صاحب حریف کی دلجوئی کا بھی پورا خیال رکھتے تھے اور بے ضرورت مباحث میں قطعاً نہیں پڑتے تھے۔ مثلاً جب بادشاہ کے دربار میں اُلّو کی حلّت و حرمت کے بارے میں ہنگامۂ بحث و جدال برپا تھا اور علماء سُوء نے شاہ صاحب کو بھی اس میں مبتلا کرنا چاہا تو شاہ صاحب یہ کہہ کر اس دام سے نکل گئے کہ

مَیں الوؤں کے مسائل میں نہیں پڑا کرتا *

## لکھنؤ کا ایک واقعہ

شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ زبردست مناظر تھے۔ شیعوں اور بدعتیوں کے مقابلے میں اُن کی زبان خارا شگاف تلوار تھی۔ جس کی کاٹ کا کوئی جواب نہ تھا۔ مگر بسا اوقات ان کی زندگی کی باعملی اور بے باکی منطقی اور کلامی دلیلوں سے بھی زیادہ مفید ثابت ہوتی تھی۔ لکھنؤ میں اہلِ تشیع کا غلبہ تھا۔ اور شاہ صاحب تشیع کے سخت مخالف تھے۔ انہوں نے کئی مناظرے کئے۔ کئی تقریریں ارشاد کیں۔ اور بندگانِ خدا راہِ راست پر آئے۔ مگر ایک موقعہ پر تو صرف شاہ صاحب کی سیرت ہدایت و اصلاح کا باعث ہوئی۔ لکھنؤ کے ایک مجمع میں جہاں شیعوں کا غلبہ تھا اہلِ سنت واعظ و مقرر جان پر کھیل کر ہی تقریر کر سکتے تھے۔ شاہ صاحب نے فضائلِ صحابہ اور تردیدِ شیعیت کے متعلق بڑی بے باکی اور جرأت کے ساتھ تقریر کرنی شروع کی۔ موقعہ و محل ایسا تھا کہ شاہ صاحب کو جان تک کا خطرہ تھا۔ مگر تمام خطرات سے بے پروا ہو کر وعظ کہتے رہے۔ ان کی بہادری اور جرأتِ ایمانی کو دیکھ کر ایک نوجوان شیعہ رئیس سے نہ رہا گیا۔ اُس نے اپنے بھائی سے کہا کہ اگر یہ سُنّی مولوی اعلانِ حق میں اتنا بے باک ہے تو ناممکن ہے کہ شیرِ خدا حضرت علی مرتضیٰ تقیہ کریں۔ یہ عملی منطق کی دلیل اتنی قوی تھی کہ اس کا بھائی بھی لاجواب ہو گیا اور دونوں بھائیوں نے وہیں اعلانِ توبہ کر کے اپنے سابقہ عقائد سے علیحدگی اختیار کر لی۔

شاہ صاحب کی سیرت کا یہی نمایاں عنصر ہے جس نے اُن کے رفقا کو بھی جرأتِ حق عطا کی اور ایک ایسا گروہ پیدا ہو گیا جس میں سلف صالحین کے اخلاق کی پوری جھلک موجود

ہی۔ جب حضرت سید احمد بریلوی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت شاہ اسمٰعیل شہید علیہ الرحمۃ کی
تحریک جہاد و دعوتِ اصلاح کا بظاہر خاتمہ ہو گیا۔ ضلع ہزارہ کے مسلمان منافقوں اور پشاور
کے غداروں نے اپنے امیر سے بے وفائی کر کے سکھوں کی گل ہوتی ہوئی شمع سلطنت کو بچا
لیا۔ تو مجاہدین نے ایک خفیہ پر امن مگر مجاہدانہ تحریک کی داغ بیل ڈال دی۔ اس کا مرکز پٹنہ میں
تھا۔ اور اس کی شاخیں بتدریج پھیلتی ہوئی ثمرقند تک چلی گئی تھیں۔ جو لوگ اس تحریک میں
شامل ہو جاتے تھے وہ عقیدہ و عمل کی یکسانی کے پیکر ہوتے تھے۔ احکام و عبادات اسلامی
کے پورے پابند، نہایت باخدا اور متوکل۔ جری اور بہادر، اور ذہین و مدبر۔ وقتِ ضرورت
ان کا دماغ اور دل ان کو جواب نہیں دیتا تھا اور وہ اپنی جان پر کھیل کر تحریک کے اسرار کو
محفوظ رکھتے تھے۔ ایک مرتبہ ایک مجاہد سفیر کے طور پر سرحد سے آ کر پٹنہ جا رہا تھا۔ جب انبالہ
کے قریب پہنچا تو اسے محسوس ہوا کہ پولیس اس کی جستجو میں ہے۔ لہٰذا اُس نے چاقو سے اپنی
ایک آنکھ نکال کر گاڑی سے باہر پھینک دی اور خون پونچھ کر بیٹھ گیا۔ انبالے پہنچ کر پولیس
ہدایات دہی کے مطابق گاڑی میں آئی مگر وہ شخص جس کی تلاش میں تھی اُس کا کہیں وجود نہ تھا۔
اس لئے کہ وہاں تو ایک ایسا شخص بیٹھا تھا جس کی ایک ہی آنکھ تھی۔ یہ ایک معمولی سی مثال
ہے۔ اُن لوگوں کے کارناموں کی جو تحریک حریت و اصلاح کے داعی اور مبلغ تھے۔

میں یہاں اسی مثال پر اکتفا کرتا ہوں۔ اس داستان کی جتنی ورق گردانی کی جائے
اتنا ہی معلوم ہو گا کہ شاہ صاحب کی زندگی کا نمایاں ترین عنصر "باعملی" تھی۔ اور اسی نے ان
کے اندر وہ تمام جوہر پیدا کر دیئے تھے جو ایک عظیم الشان انسان کے لئے ضروری ہیں۔ یعنی

مشہور و معلوم سچا ئیوں پر عمل کرنا۔ آج ہندوستان کے مسلمان شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی سے جو سبق حاصل کر سکتے ہیں وہ صرف یہ ہے کہ وہ اپنی زندگی کو عملی بنائیں۔ نظریوں کی وہ ہنگامہ آرائی جو آج ملت کی ناکام زندگی کی سب سے بڑی مصروفیت ہے ہماری تباہی کا حقیقی موجب ہے۔ ایک ذہین و طباع مگر بے عمل قوم دنیا میں کبھی سربلندی حاصل نہیں کر سکتی۔ شاہ صاحب کی حیاتِ مبارکہ ہمیں بتاتی ہے کہ ہمیں کتاب و سنت کا متبع بن کر ایثار و قربانی اور بے خوفی و بے باکی کی زندگی بسر کرنی چاہیئے۔ اور نفع و نقصان کی تمام مصلحتوں کو خدا کے حوالے کر دینا چاہیئے۔

# بالاکوٹ کی شہادت گاہ


مولانا غلام رسول مہر

ایڈیٹر

روزنامہ "انقلاب" لاہور

## حبّذا خاکِ پاکِ بالاکوٹ
## شدہ بہرِ مجاہداں مدفن

سید احمد بریلوی اور شاہ اسمٰعیل شہید (رحمہما اللہ تعالیٰ) کے سیر و سوانح پر متعدد کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔ ایک کتاب حال ہی میں سیّد صاحب کے خاندان کے ایک فاضل رکن نے شائع کی ہے لیکن تاریخی نقطۂ نگاہ سے جو کچھ ضروری تھا ابھی تشنۂ تکمیل ہے اور سید صاحب کی تحریکِ عظیمہ کے کئی ابواب یا تو ابھی تک بالکل منظرِ عام پر نہیں آسکے یا آئے تو سراسر غیر مکمل صورت میں۔ ایک افسوسناک امر یہ ہے کہ عام لوگ سیّد صاحب کی شہادت کو اس تحریک کا آخری واقعہ سمجھ لیتے ہیں۔ حالانکہ شہادت کے بعد بھی اصل تحریک بڑے زور سے جاری رہی اور اس کا مرکز اب تک موجود ہے۔ اس آگ کو روشن رکھنے کی غرض سے مجاہدوں نے ہندوستان کے اندر اور باہر ایسی تکلیفیں اُٹھائیں، ایسی مصیبتیں جھیلیں کہ ان کا تصوّر بھی دورِ حاضر کے دعویداران حریّت و آزادی پر لرزہ طاری کر دے گا۔ لیکن ان کے مجاہدات کی تفصیل تو رہی ایک طرف ان کے ناموں سے بھی آج اہلِ ہند یک قلم بیگانہ ہیں۔

## سیّد صاحب کی بلندئ منزلت

ضروری تھا کہ یہ پوری داستان مرتب ہوتی۔ بتایا جاتا کہ جب ہندوستان میں اسلام کی سیاسی اقبال مندی کا آفتاب غروب ہو چکا تھا اور ہر طرف یاس و نومیدی کی ظلمت مسلّط تھی تو رائے بریلی کے ایک مجاہد سیّد نے بے سروسامانی کے باوجود طاقت کے احیا کا کتنا عظیم الشان انتظام کر دیا تھا۔ اور ان کی برکت سے غیرت و حمیتِ دینی کی کیسی آگ روشن ہو گئی تھی جس نے ہندوستان کے اندر اور باہر جگہ جگہ حرارت کے وسیع ذخیرے مہیا کر دیئے۔ ان کے ارادتمندوں نے اس روشنی کو مستقل و پائدار بنانے کے لئے ایثار و قربانی کے کتنے حیرت انگیز نمونے پے در پے پیش کئے جو اسلام کے بالکل ابتدائی دور کا بہترین پرتو تھے۔ جس فرض کی بجا آوری سے وقت کے حکمران و تاجدار اور اصحابِ خزائن و عساکر محروم رہے اس کا عَلَم ایک ایسے شخص کے ہاتھوں بلند ہُوا جس کے پاس دنیاوی سازوسامان کی کوئی متاع موجود نہ تھی حتّٰی کہ وہ عام معیار کے مطابق عالم بھی نہ تھا۔

## کم توجہی کے اسباب

سیّد صاحب کی تحریک کے پُورے حالات ابھی تک کیوں تفصیلاً مرتب نہ ہُوئے اور کیوں انہیں صحیح رنگ میں پیش نہ کیا گیا؟ اس کے متعدد وجوہ ذہن میں آتے ہیں جن میں سے بعض یہ ہیں:

۱۔ تحریک کے ابتدائی شرکا کا بڑا حصہ یا تو شہید ہو گیا یا پیشِ نظر مقصد کی سعی میں ہندوستان سے باہر مصروفِ جہاد رہا۔ ان لوگوں کو اتنا آرام میسر نہ آسکا کہ پوری سرگزشت مرتّب کر دیتے۔

۲۔ انگریزی حکومت کے ساتھ اس تحریک کے تصادم کے بعد ہندوستان کی فضا پوری تفصیلات کی اشاعت کے لئے سازگار نہیں رہی تھی۔

۳ - مذہبی تنگ نظری نے بانیانِ تحریک کے گرد وپیش تعصب کی ایسی دیواریں کھڑی کر دی تھیں کہ اکثر اہلِ علم ان کے متعلق کچھ لکھنے میں تکلف محسوس کرتے رہے۔

۴ - تحریک کے متعلق مختلف تحریرات بکھری رہیں اور اب تک بکھری ہوئی ہیں۔ ان سب کو اکٹھا نہ کیا جا سکا بلکہ اکثر تحریرات تک اکثر اصحاب کی رسائی نہ ہو سکی، لہٰذا موجودہ دور کے مذاقِ تدوین کے مطابق مفصّل داستان مرتّب نہ ہو سکی۔

۵ - جن لوگوں نے حالات لکھے ان کا ذریعۂ معلومات مختلف تحریرات تھیں۔ یہ تحریرات بھی بعض حالتوں میں غیر مکمل تھیں۔ نیز سوانح نگاروں نے چونکہ مقاماتِ جہاد نہیں دیکھے تھے اس لئے وہ تحریرات سے پورا فائدہ نہ اٹھا سکے۔ اور جو کچھ ان کی سمجھ میں آیا لکھ گئے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ آج تفصیلات کے متلاشی طلبگاروں کے لئے ان کتابوں میں تسکین کا پورا سامان نہیں مل سکتا۔

## بالاکوٹ کا علاقہ

آخری سبب کی ایک نہایت عمدہ مثال واقعہ بالاکوٹ ہے جو سید صاحب اور شاہ صاحب کی شہادت گاہ ہے۔ میں ذیل میں بتانا چاہتا ہوں کہ اس معرکہ کے متعلق شائع شدہ معلومات کس درجہ غیر مکمل ہیں۔ حالانکہ سید صاحب کی تحریکِ جہاد کا یہ ایک اہم معرکہ تھا۔ اس سے آپ کو تحقیق و تجسس کی وسیع ضرورتوں کا ایک نقشہ ذہن نشین ہو جائے گا۔ اس سلسلے میں بالاکوٹ کی سرسری کیفیت بیان کر دینا ضروری ہے اور سہولت کی غرض سے میں نے اس مقام کا ایک خاکہ بھی پیش کر دیا ہے۔

بالاکوٹ ضلع ہزارہ کے کوہستانی علاقے میں وادی کاغان کے جنوبی دہانے پر واقع ہے۔ مانسہرہ

درہ کاغان
کھیت
مسجد کلاں متصل
قبر شاہ اسماعیل
کھیت
قصبہ بالاکوٹ
مٹی کوٹ
مدفن حضرت سید احمد
تھانہ پولیس
شمال
جنوب
کھیت
پل نہر
شالہ نجف
کشمیر تا مانسہرہ روڈ
گڑھی حبیب اللہ

ہے کشمیر (نہ کہ) پاکستان میں ہے۔ شہر مظفرآباد سے آگے جا کر حبیب اللہ کے پاس کنہار نامی ایک دریا ملتا ہے
جو آگے بڑھ کر جہلم میں شامل ہو گیا ہے۔ اس کے مغربی کنارے کے ساتھ ساتھ ایک سڑک شمال
نکلتی ہے جو وادی کاغان تک جاتی ہے۔ اس پر شہر کشمیر والی سڑک سے قریباً گیارہ میل کے
فاصلے پر بالاکوٹ واقع ہے۔ سڑک کے بعض حصے مسطح اور مستقیم ہیں بعض حصوں میں پہاڑی
سڑکوں جیسے نشیب و فراز اور پیچ و خم ہیں۔ موٹریں اور لاریاں آجا سکتی ہیں لیکن بعض مقامات
بڑے دشوار گزار اور خطرناک ہیں۔ یہ بھی عرض کر دینا چاہئے کہ میری معلومات کے مطابق یہ سڑک
عہدِ انگلشیہ میں نکالی گئی ہے۔ سید صاحب کی شہادت کے وقت یہ موجود نہ تھی ممکن ہے یہاں
کوئی پگ ڈنڈی ہو۔

## مقام کی کیفیت

سارا علاقہ کوہستانی ہے۔ وادی کاغان کے جنوبی دہانے سے پہاڑوں کی دو بڑی فصیلوں
کے درمیان ایک خلا پیدا ہو گیا ہے جس کا طول بارہ چودہ میل سے کم نہ ہوگا۔ عرض کہیں دو
اڑھائی میل کہیں اس سے کم یا زیادہ معلوم ہوتا ہے۔ اس فضا میں مشرقی فصیل کے ساتھ ساتھ دریائے
کنہار بہتا ہے۔ اس کے آس پاس کھیت ہیں جن میں چاول، گیہوں وغیرہ بوئے جاتے ہیں۔
زمین سیراب و زرخیز ہے۔ بالاکوٹ دریائے کنہار کے مغربی کنارے پر اس حصے میں واقع ہے
جہاں پہنچ کر دریا وادی کاغان سے باہر آتا ہے۔ یہاں دریا کافی نشیب میں بہتا ہے۔ اور اس کی دو
شاخیں ہو گئی ہیں ایک شاخ سیدھی مشرقی فصیل کوہ کے ساتھ ساتھ جنوب کی طرف چلی آتی ہے
دوسری شاخ میدان کے وسط میں گھومتی ہوئی اور بالاکوٹ کی آبادی کے چھوٹے ٹیلے کا دامن چومتی

ہوئی آگے بڑھ کر بڑی شاخ میں مل گئی ہے۔ ان دونوں شاخوں کے درمیان جو زرعی زمین ہے اس میں بھی خوب کھیتی باڑی ہوتی ہے اس حصّے میں ایک جگہ دو تین درختوں کے درمیان چند قبریں ہیں جن میں ایک قبر مولانا شاہ اسمٰعیل شہید کی ہے۔

قصبہ

قصبہ بالاکوٹ ایک ٹیلے یا اونچے مقام پر واقع ہے جو دریائے کنہار کے پہاڑ سے تو کافی بلند ہے لیکن دونوں جانب کی پہاڑی فصیلوں کے مقابلے میں بہت نیچا ہے۔ اس آبادی کے مغربی یا کہنا چاہئے جنوبی و مغربی کنارے پر مسجد کلاں واقع ہے جس کا ذکر سید صاحب کے جہاد کے سلسلے میں بار بار آتا ہے۔ اس کے شمال میں مسجد زیریں ہے۔ ان دونوں کی ہیئت اب بالکل بدل گئی ہے۔ آبادی اور مغربی و شمالی جانب سلسلہ کوہ کے درمیان کھیت ہیں۔

قصبہ اور ملحقات کی آبادی تین ہزار سے کم ہوگی۔ یہاں ہندو اور سکھ بھی آباد ہیں۔ دکانداری زیادہ تر انہی کے ہاتھ میں ہے۔ کاغان کے ساتھ تجارت کا یہ بڑا مرکز ہے۔

مٹی کوٹ

مغربی ٹیلے یا سلسلہ کوہ کا نام مٹی کوٹ کا ٹیلہ ہے۔ اس لئے کہ اس کے مغربی دامن میں مٹی کوٹ واقع ہے جس کے متعلق کہاوت مشہور ہے "جس کا مٹی کوٹ" اسی کا بالاکوٹ۔ مٹی کوٹ سے آگے نکل کر وادئ کاغان سے ملی ہوئی راج دواری کی وادی ہے۔ جہاں اہلِ سمہ یعنی مردان و پشاور کے میدانی علاقے کے باشندوں کی غداری کے بعد سید صاحب چلے آئے تھے۔ اور یہیں چھوٹی بی بی کے بطن سے سید صاحب کی دختر سیدہ ہاجرہ پیدا ہوئیں۔ اس کے پاس ہی بھوگڑ منگ اور سچون ہیں

## سیّد صاحب کا مرقد

مٹی کوٹ والے ٹیلے کے دامن میں یعنی بالاکوٹ کی آبادی سے مغرب کی طرف قریبًا ایک میل ڈیڑھ میل کے فاصلے پر وہ مقام ہے جہاں سید صاحب عام روایات کے مطابق شہید ہوئے۔ آبادی کے جنوب مشرق میں کچھ فاصلے پر دریائے کنہار کے قریب اور کاغان جانے والی سڑک کے کنارے پر درختوں کے ایک جھنڈ میں چند قبریں ہیں ان کے وسط میں سید صاحب کا مرقدِ منور ہے۔ شاہ اسمٰعیل شہید اور سیّد صاحب کی قبروں کے درمیان کم از کم ڈیڑھ میل کا فاصلہ ہوگا۔ دریائے کنہار کے مشرقی کنارے پر دامنِ کوہ میں چند قبریں ہیں۔ عام روایات کے مطابق یہ بھی شہدا کی قبریں ہیں۔

## راستے کا نقشہ

بالاکوٹ سے مانسہرہ کشمیر والی سڑک کی طرف آئیں تو قریبًا تین چار میل کے فاصلے پر راستے میں ایک چھوٹا سا پل ملتا ہے جسے پل نرنّہ (بر وزنِ کھنّہ) کہتے ہیں۔ نرنہ ایک نالے کا نام ہے جو مغربی پہاڑ سے آ کر کنہار میں مل جاتا ہے۔ پاس ہی اس نام کا ایک گاؤں ہے۔ مشہور ہے کہ سیّد صاحب کا کٹا ہوا سر دریا میں بہتا ہوا آ رہا تھا۔ گاؤں والوں نے اُسے پانی سے نکال کر یہاں دفن کر دیا۔ کھیتوں میں ایک درخت کے نیچے جو غالبًا توت کا ہے۔ یہ قبر اب تک موجود ہے۔ اور آگے آئیں تو شالہ نجف خاں کی آبادی ہے۔

## جنگ کی تمہید

اس تفصیل کے بعد اب اصل واقعہ سنئے۔

سیّد صاحب ۱۸ جنوری ۱۸۳۱ء (۴ شعبان ۱۲۴۶ھ) کو راج دواری پہنچے تھے۔ اس کے بعد

مجاہدین نے سچون اور بھوگڑمنگ پر متعدد حملے کئے پھر بالاکوٹ پر قبضہ جما لیا اور مزید آگے بڑھ کر مظفر آباد کو بھی سنبھال لیا۔ راجہ شیر سنگھ اس زمانے میں پشاور گیا ہوا تھا وہ واپس آیا تو مجاہدین کے حملوں کی خبر پا کر اس نے سچون اور بھوگڑمنگ پر حملے کی تیاریاں کیں۔ سید صاحب نے تمام مجاہدین کو مختلف مقامات سے واپس بلا لیا۔ اور بالاکوٹ کو راجہ حبیب اللہ خاں کے حوالے کر کے سچون اور بھوگڑمنگ کی حفاظت کے لئے تیار ہو گئے۔ راجہ شیر سنگھ نے جب دیکھا کہ مجاہدین دھمیر زیادہ تعداد میں جمع ہو گئے ہیں اور بالاکوٹ کے انتظامات ذرا کمزور ہیں۔ تو اس نے بالاکوٹ پر چڑھائی کا فیصلہ کر لیا۔ سردار حبیب اللہ نے سراسیمہ ہو کر کمک کے لئے التجا کی تو سید صاحب مجاہدین کو لے کر بالاکوٹ آ گئے۔

## سوانح نگاروں کا بیان

اس کے بعد سوانح نگاروں نے جنگ کی جو کیفیت بیان کی ہے اس کا خلاصہ یہ ہے:

۱۔ راجہ شیر سنگھ کی لشکرگاہ بالاکوٹ سے دو کوس پر تھی مگر بیچ میں دشوار گزار پہاڑ حائل تھا جس سے سکھ لشکر کا گزرنا نہیں ممکن تھا۔

۲۔ شاہانِ سابق کا بنایا ہوا ایک راستہ اس پہاڑ میں سے تھا۔ مگر اس پر بہت زیادہ درخت اگ آئے تھے اور بالاکوٹ کے خاص خاص آدمیوں کے سوا کسی کو اس کی خبر نہ تھی

۳۔ سید صاحب نے اس راستے کی نگرانی کے لئے ایک گارد مقرر کر دی جو ستی مجاہدوں پر مشتمل تھی

۴۔ ایک دوسرا راستہ لاہور کی طرف جانے کا ایک پل پر سے تھا اس پر بھی مجاہدین حفاظت کے لئے مقرر کر دیئے گئے۔

۵ - غلطی یہ ہوگئی کہ کوہی راستے پر تھوڑے اور غیر معتبر آدمی متعین کئے گئے۔ راجہ شیر سنگھ حملے کو غیر ممکن جان کر واپسی کی تیاری کر رہا تھا کہ ایک شخص نے کوہی راستہ بتا دیا جس سے سکھ اچانک پہاڑ پر پہنچ گیا

۶ - سید صاحب نے مسجد کلاں میں تختوں سے مورچہ بندی کر لی۔ تدبیر یہ تھی کہ جب سکھ پہاڑ سے اتر کر آگے بڑھیں گے اور آبادی پر حملہ آور ہونگے تو ان سے دست بدست جنگ کی جائے گی۔

۷ - آبادی اور پہاڑ کے درمیان کھیتوں کا ایک حصہ پانی کی وجہ سے دلدل کی شکل اختیار کر چکا تھا۔ سکھوں کا ہراول ابھی اس دلدل کو عبور نہیں کر سکا تھا کہ سید صاحب مسجد کلاں سے نکل کر مسجد زیرین میں چلے گئے۔

۸ - پھر سید صاحب مسجد سے نکل کر دلدل کے کنارے پر جا پہنچے اور ایک پتھر سے ٹیک لگا کر بیٹھ گئے۔ سکھ کچھ تو پہاڑ سے اتر چکے تھے۔ ایک کثیر تعداد اتر رہی تھی۔

۹ - مجاہدین کی ایک جماعت کے علاوہ سید صاحب کے ارباب بہرام خاں بھی جو علاقہ پشاور کے ایک معزز رئیس اور سید صاحب کے جاں نثار تھے۔ اس وقت ایک مجاہد نے کہا دل چاہتا ہے کہ اس دلدل سے گزر کر حملہ آوروں سے دست بدست جنگ کی جائے۔ سید صاحب نے اسے منع کر دیا۔

۱۰ - پھر سید صاحب نے خود ارباب بہرام خاں کے روبرو اسی قسم کی خواہش کا اظہار کیا۔ جاں نثار رفیق نے کہا جو لوگ نیچے اتر آئے ہیں ان کو ختم کر دینا مشکل نہیں لیکن ہم خود

پہاڑ سے اترنے والوں کی گولیوں کا ہدف بن جائیں گے۔ سیّد صاحب اس پر چپ ہو گئے

## واقعۂ شہادت

۱۱۔ بعد ازاں کسی اور کو اطلاع دیئے بغیر سید صاحب دفعتہً بسم اللہ اللہ اکبر کا نعرہ لگا کر دلدل میں کود پڑے اور انتہائی تیزی سے پار نکل گئے۔ مجاہدین بھی ساتھ ہی کود ے۔

۱۲۔ سیّد صاحب اور مجاہدین کچھ مدت بپھرے ہوتے شیر کی طرح لڑتے رہے۔ پھر اچانک نظروں سے غائب ہو گئے۔ مستند بیان یہ ہے کہ سیّد صاحب زخمی ہو گئے تھے اور ایک پتّھر پر بیٹھے قبلہ رُو ہو کر دعا مانگ رہے تھے۔ پتّھر کے ساتھ ہی ایک خندق تھی۔ دفعتہً گولیوں کی ایک باڑھ آئی۔ خدا جانے کتنی گولیاں بیک وقت لگیں اور وہ شہید ہو کر خندق میں گر گئے۔ افرا تفری میں کسی کو پتہ نہ چلا کہ کہاں گئے۔ اس لئے کہ لڑائی جاری تھی۔ مجاہدین میں سے اکثر نے بالاکوٹ کی آبادی کے ارد گرد کے علاقے میں لڑتے لڑتے جامِ شہادت نوش کیا۔

## غور طلب سوالات

یہ مختلف بیانات کا خلاصہ ہے۔ اب کئی سوال پیدا ہوتے ہیں جن کا کوئی جواب مروجہ کتب سوانح میں نہیں ملتا۔ ان میں سے بعض یہ ہیں:۔

۱۔ وہ کوہی راستہ کون سا تھا جس کا سراغ مل جانے سے سکھوں کے لئے بالاکوٹ پر حملے میں آسانی پیدا ہوئی؟

۲۔ لاہور جانے والے راستہ کا پُل کون سا تھا؟

۳۔ سید صاحب جب بالاکوٹ کی آبادی سے تقریباً ڈیڑھ میل مغرب میں شہید ہوتے تو ان کی قبر

آبادی سے کافی دُور باہر جنوب مشرق ہیں یعنی مقتل سے قریبًا ڈھائی تین میل کے فاصلے پر کیوں بنی؟ معلوم ہے کہ جہاں سیّد صاحب کی قبر ہے وہ آبادی کا قبرستان نہیں بلکہ وہاں اب بھی صرف چند قبریں ہیں جو غالبًا سیّد صاحب کی قبر کے بعد بنیں۔

۴ - ایک روایت یہ ہے کہ شہادت کے بعد راجہ شیر سنگھ نے سیّد صاحب اور شاہ صاحب کی میتوں کو شناخت کرانے کے بعد با اعزاز دفن کرایا۔ اگر یہ روایت درست ہے تو دونوں قبروں میں ڈیڑھ میل کا فاصلہ کیوں ہے؟

۵ - بعض روایتوں سے مترشح ہوتا ہے کہ شاہ صاحب سیّد صاحب سے پہلے شہید ہوئے۔ اگر یہ روایتیں درست ہیں تو اس کی کیا وجہ ہے کہ شاہ صاحب کی قبر سید صاحب کے مقتل سے قریبًا دو ڈھائی میل مشرق کی طرف ہے اور حملہ آوروں کا حملہ مغرب کی طرف سے تھا۔

## حملہ کس طرف سے ہؤا

مختلف ذرائع سے میں جو کچھ تحقیق کر سکا ہوں اُس کی مختصر سی کیفیت یہ ہے:

۱ - راجہ شیر سنگھ نے بالاکوٹ کے موجودہ راستے سے نہیں بلکہ مٹی کوٹ کی طرف سے حملہ کیا تھا۔ اس لئے کہ اول تو موجودہ راستہ اس وقت تھا ہی نہیں۔ دوسرے وہ تیس ہزار کے لشکر کو جس کے ساتھ توپیں بھی کافی ہونگی اس طرف سے نہیں لا سکتا تھا۔ سب سے بڑھ کر قابل توجہ امر یہ ہے کہ ابتدا میں وہ سچون اور رجھو گر ننگ پر حملہ کرنا چاہتا تھا جو مٹی کوٹ کے مغرب میں واقع ہیں۔ لیکن ادھر مجاہدین کا زور دیکھ کر وہ بالاکوٹ کی طرف پلٹ آیا۔ لہٰذا یہ کوہی راستہ مٹی کوٹ کی جانب ہوگا جس کی صحیح کیفیت مجھے تا حال معلوم نہیں ہو سکی۔

۲- اس خیال کی تصدیق اس واقعہ سے بھی ہوتی ہے کہ شیر سنگھ کا لشکر مٹی کوٹ کے ٹیلے پر سے بالاکوٹ کی طرف بڑھا اور چونکہ کثیر لشکر تھا۔ اس لئے سمجھ لینا چاہئے کہ پورے مغربی پہاڑ پر پھیلا ہوا ہوگا۔ اور اُس نے بالاکوٹ کو شمال، شمال مغرب اور مغرب کی طرف سے گھیرے میں لے لیا ہوگا۔

## قبرِ مقتل سے دُور کیوں بنی

۳- پُل سے مقصود یقیناً وہی مقام ہے جسے اب نرتّہ کا پُل کہتے ہیں۔ اغلب ہے کہ سکھ لشکر کا ایک حصّہ نرتّہ نالے کے ساتھ ساتھ پہاڑ سے اتر کر جنوبی سمت سے بالاکوٹ پر بڑھا ہو تاکہ مجاہدین کے لئے بچ کر نکل جانے کا کوئی ذریعہ باقی نہ رہے۔

۴- سید صاحب یقیناً بالاکوٹ کی آبادی کے مغرب میں شہید ہوئے۔ فتح کے بعد شیر سنگھ چار روز بالاکوٹ میں مقیم بنا رہا اور اس کی خیمہ گاہ دریا کے کنارے وہ میدان تھا جہاں اب تھانہ اور بعض دکانیں بنی ہوئی ہیں۔ اس کا پہلا کام یہ تھا کہ سیّد صاحب کی شہادت کے ثبوت فراہم کرے۔ چنانچہ شہدا کی میتوں میں سے سیّد صاحب کی میّت تلاش کی گئی اور شیر سنگھ کے اطمینان کے لئے لوگ اس میّت کو اٹھا کر خیمہ گاہ میں لائے۔ جب زخمی مجاہدوں یا شیخ وزیر گولہ انداز کے ہشت سالہ بچّے کے بیان سے تصدیق ہو گئی کہ میّت سید صاحب ہی کی ہے تو اسے پاس ہی ایک مقام پر دفن کرا دیا گیا۔

## کیا میّت بے سر تھی؟

۵- بعض روایتوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ میّت بے سر تھی اور شناخت کرنے والوں نے محض لباس

سے سیّد صاحب کو شناخت کیا تھا اس کی تصدیق میں نہیں کر سکا۔ اگر یہ بے سرنعش تو سر کہاں کٹا؟ شناخت کیلئے سر بھی میّت کو ساتھ لاتے تھے یا مقتل میں چھوڑ آئے تھے؟ اگر مقتل میں چھوڑ آئے تھے تو پھر ترنہ میں سر کا دفن ہونا قرینِ قیاس نہیں۔ اگر کٹا ہوا سر آیا تھا تو میت کے ساتھ اُسے کیوں دفن نہ کیا گیا؟ دریا میں کس نے بہایا اور یہ ترنہ کیونکر پہنچا؟ ان سوالوں کا مجھے تا حال جواب نہیں ملا۔

## شاہ اسمٰعیل کی شہادت

۶۔ یہ مسلّم ہے کہ ملکی باشندے سکھوں کے حملے کے ساتھ ہی آبادی چھوڑ کر کھیتوں میں جا چھپے تھے یا آس پاس کے دیہات میں چلے گئے تھے۔ چار روز کے بعد سکھ لشکر بالاکوٹ سے روانہ ہوا تو ملکی لوگ آئے اور انہوں نے مجاہدین کی میتوں کو جو جگہ جگہ بکھری پڑی تھیں دفن کیا۔ میرا خیال ہے کہ شاہ اسمٰعیل شہید اپنے مشہد کی جگہ دفن ہیں اور وہ بہ ظاہر سیّد صاحب کے بعد شہید ہوئے۔ روایت ہے کہ گھوڑے پر آپ کا جسم گولیوں سے چھلنی ہو گیا تھا۔ آپ کو ناس سونگھنے کی عادت تھی۔ شہادت سے تھوڑی دیر پہلے ناس سونگھ کر ڈبیا پھینک دی اور کہا کہ "بس یہ آخری سونگھنا ہے" اس کے بعد لڑتے لڑتے شہید ہو گئے۔ جمعہ کا دن تھا۔ ۶ مئی ۱۸۳۱ء (۲۴۔ ذی قعدہ ۱۲۴۶ھ) تاریخ تھی جس روز یہ قیامت خیز حادثہ پیش آیا۔

## سیّد صاحب کی شخصیت

سیّد صاحب عام طور پر یہ شعر پڑھا کرتے تھے:-

اے آنکہ زنی دم از محبت  از ہستئ خویشتن بپرہیز

برخیزد و بہ تیغِ تیز بنشیں یا از سرِ راہِ دوست برخیز

انہوں نے اپنے عمل سے اس کے ایک ایک حرف کی تصدیق کر دی۔ نواب وزیرالدولہ مرحوم نے "وصایا" میں لکھا ہے کہ توپوں اور بندوقوں سے آتش باری کے طوفان میں بھی سید صاحب کے چہرے پر تبسم رقصاں رہتا تھا۔

"و در معارکِ سخت و پیکار ہائے درشت کہ زہرۂ شیراں آب شدے و دلِ با ثباتِ دلیراں بے تاب گردیدے بر جبینِ نور آگین (حضرت سید) تغیرے نیفتادے و بر چہرہ سر بسر مہر تحیرے رونہ دادے۔"

ان الفاظ کو سامنے رکھ کر اپنے دماغ میں نقشہ قائم کیجئے اور سوچئے وہ کیسے بزرگ تھے، کیسے قدسی نفوس تھے کہ ایک مقصد کے تعین کے بعد اس مستعار زندگی کے ہر احساسِ حب و الفت سے دل کو پاک کر چکے تھے۔ حتیٰ کہ ان کے لئے زندگی اور موت کے درمیان اس سے زیادہ کوئی فرق نہ تھا جیسے آدمی ایک مکان کے ایک کمرے سے نکل کر دوسرے کمرے میں چلا جاتے۔ مطالعہ گاہ سے خواب گاہ میں یا خواب گاہ سے ملاقات گاہ میں پہنچ جاتے۔

## مجاہدین کا نقشہ

ایک شاعر نے مجاہدین کی کتنی عمدہ تصویر کھینچی ہے:-

ہمہ کارداں، رہبر شناس چو ایمانِ خود جملہ محکم اساس

وضو کردہ ہر یک بہ خونابِ خویش بہ شوقِ سجودے سر افگندہ پیش

گہے در رکوع و گہے در سجود گہے در قیام و گہے در قعود

یکے گرم سعی و یکے در طواف    یکے فدیہ گردید خود در مصاف

شمردند محراب شمشیر را
رسانند بر عرش تکبیر را

صولتِ فاروقی کے مصنف نے حدیث کا ترجمہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو
ں دُنیا کی دو چیزیں پسند ہیں۔

یکے قطرۂ خونِ مردِ شہید    کہ از دستِ کافر بمیداں چکید
دگر آں سرشکے کہ خوفِ الہ    فرو آرد از دیدۂ پر گناہ

سید صاحب کی جماعت نے اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان دونوں محبوب سرمایوں سے
انتہا حصہ لیا۔ انہوں نے اپنے جسم کے خون کا ایک ایک قطرہ راہِ خدا میں بہایا۔ رزمگاہ سے
ہران کی آنکھیں خوف و خشیت الٰہی سے ہمیشہ اشکبار رہتیں۔ بڑے پاک لوگ تھے۔ بڑی بلند
زلت ہستیاں تھیں۔ پھر اس وجودِ مسعود کی برکتوں اور مجاہدانہ ... کی خداداد صلاحیتوں کا کون
یحیح اندازہ کرسکتا ہے جس نے جماعتی و قومی زندگی کی . . . . . . . . ہر عزیز
ع لُٹ جانے کے بعد ہر حلقے سے بے یقین افراد کا موادِ خام لے کر چند سال میں ایک ایسی
عت کھڑی کردی اور کیسی جماعت؟ جس کی نظیریں قرونِ اولی کے بعد کسی تاریخ میں بہت
ں شاذ ملتی ہیں اور جس کا ذکر لاکھوں کروڑوں دلوں میں یقین کی بڑی سے بڑی محکمی پیدا کرسکتا ہے
ی اللہ تعالیٰ عنہ

نوا فزوں ست ز اندازہ بریشم عود    غزل بہ زمزمہ خوانم کہ پردہ ہا بستند

# شاہِ شہیدؒ

مولانا یوسف سلیم چشتی
پرنسپل
اشاعت اسلام کالج لاہور

حیاتِ انسانی کے محیرّ العقول مظاہر میں ایک یہ بھی ہے کہ دنیا میں جس قدر بڑے آدمی گذرے ہیں بنی نوعِ آدم کا معتد بہ حصہ اُن کے متعلق کسی نہ کسی غلط فہمی میں مبتلا ضرور ہوا ہے اور جن لوگوں نے قوم کی عظیم الشان خدمات انجام دی ہیں، قوم کے اکثر و بیشتر افراد نے انہیں بلا تامل ہدفِ ملامت بنایا ہے۔

مولانا محمد اسمٰعیل شہید دہلوی جن کی حیات افروز زندگی کا ایک ورق اس مضمون میں ہدیۂ ناظرین کیا گیا ہے، بلا شبہ ان برگزیدہ ہستیوں میں سے تھے جن پر ملتِ اسلامیہ بجا طور پر ناز کر سکتی ہے، ان کی تمام زندگی اوّل سے آخر تک اسوۂ رسول اللہ صلعم کی آئینہ دار ہے، اور ان کی شہادت تعلیماتِ قرآنیہ کی علمبردار ہے۔ مسلمان کی شناخت قرآن مجید نے یہ بتائی ہے کہ وہ حق کی حمایت اور باطل کے مقابلہ میں جانِ عزیز کی قربانی سے بھی دریغ نہیں کرتا اور مولانا موصوف اس قرآنی معیار پر ہر طرح پورے اترتے ہیں، ذٰلک الفوز العظیم۔

مسلمان وہ ہے جس کی نماز، عبادات، ومراسمِ مذہبی، زندگی اور موت خدا ہی کے لئے ہو، وہ جیے تو اعلائے کلمۃ الحق کی خاطر اور مرے تو اعلائے کلمۃ الحق کی خاطر، اور تاریخ گواہ ہے کہ مولانائے موصوف نے فی الحقیقت اس آیۂ کبریٰ پر عمل کر کے دکھا دیا۔ قل ان صلاتی ونسکی ومحیای

وممانی للہ رب العلمین۔

تاہم مسلمانوں میں آج بھی ایک گروہ ایسا موجود ہے جو انہیں کافر اور دائرۂ اسلام سے خارج ہی نہیں سمجھتا بلکہ اُن کے عقیدتمندوں کو بھی کشتنی اور گردن زدنی قرار دیتا ہے

ع بسوخت عقل زحیرت کہ ایں چہ بوالعجبی است

ممکن اس میں یہ راز مضمر ہو کہ شہادت کی جنس گراں مایہ ارزاں نہ ہو جائے۔

## ہندوستان کی سیاسی اور مذہبی حالت

شہید موصوف کی شخصیت کو کما حقہٗ سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ بارھویں صدی ہجری یا اٹھارہویں صدی میں ہندوستان کی سیاسی و مذہبی حالت کا دھندلا سا خاکہ ہدیۂ ناظرین کیا جائے

اورنگ زیب عالمگیر نے ۱۷۰۷ء میں وفات پائی اور ان کی وفات کے بعد مسلمانوں کی سیاسی قوت انحطاط پذیر ہو گئی اس کی وجوہ اگر عالم مادی میں دریافت کرنے کا شوق ہو تو حسب ذیل ہیں

۱۔ اورنگ زیب کے جانشین فرزندِ نوح کے مصداق تھے، وہ تختِ دہلی پر بیٹھنے کے لائق نہ تھے حکومت کرنے کی صلاحیت مطلقاً ان میں موجود نہ تھی۔ ان میں سے بعض تو ایسے تھے جو بالکل نفسِ امارہ کے غلام تھے۔ جو بادشاہ قرآن مجید لکھ لکھ کر اپنی قوت لایموت حاصل کرتا تھا اُس کے پوتے جہاندار شاہ نے تختِ سلطنت پر متمکن ہو کر سب سے پہلا کام یہ کیا کہ اپنی منظورِ نظر طوائف کے بھائی کو دہلی کا کوتوال مقرر کر دیا۔ قیاس کن زگلستانِ من بہارِ مرا۔ اسی دیندار بادشاہ کا پرپوتا "محمد شاہ رنگیلا" کے نام سے تاریخ میں مشہور ہے جو ۱۷۴۸ء تک دل کھول کر دادِ عیش دیتا رہا

۲۔ چونکہ سلاطین نااہل، نالائق اور نابینا تھے اس لئے امرائے دولت قدرتی طور پر باہمی رقابت

اور آویزش کا شکار ہو گئے۔ اور پرائے شگون کی خاطر اپنی ناک کٹوانے لگے۔

۳- جب مرکزی قوت کمزور ہو گئی۔ بادشاہ غافل، امرا کاہل اور عمّال ظالم ہو گئے، تو مخالفین اور سرکشوں کو خواہ مخواہ سر اٹھانے کا موقع ہاتھ آ گیا۔ راجپوت مرہٹے، جاٹ اور سکھ چاروں قومیں باغی ہو گئیں۔

۴- ایسے موقع پر صوبے دار کیوں فائدہ نہ اٹھاتے؟ دکن، گجرات، بنگال، ملتان، اودھ اور مالوہ سب خود مختار بن بیٹھے۔

۵- ۱۷۳۹ء میں نادر شاہ ایرانی، مسافتِ بعیدہ طے کر کے مسلمانوں کو خوابِ غفلت سے بیدار کرنے کے لئے ہندوستان میں آیا، اور حتی المقدور ان کی جانی اور مالی خدمات انجام دے کر واپس چلا گیا۔ لیکن مسلمانوں نے جاگنے کی قسم کھالی تھی۔ اس لئے دلّی کی گلیوں میں خون کی ندیاں بہتی ہوئی دیکھ کر بھی ان کی آنکھ نہ کُھل سکی اور محمد شاہ تو پہلے سے بھی زیادہ کُھل کھیلا، اُدھر نادر شاہ نے پیٹھ موڑی اِدھر دوبارہ طبلے پر تھاپ پڑی اور چشم زدن میں راجہ اندر کی محفل کا سماں دوبارہ قائم ہو گیا۔

۶- اگرچہ پانی پت کی تیسری جنگ نے جو ۱۷۶۱ء میں واقع ہوئی، ہندوستان میں مرہٹی حکومت کے خواب کو ہمیشہ کے لئے پریشان کر دیا، کیونکہ ملاءِ اعلیٰ میں یہاں کی حکومت مرہٹوں کے نہیں بلکہ انگریزوں کے نام لکھی جا چکی تھی، تاہم مرکزی حکومت کو بہت نقصان پہنچا اور یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ مغلیہ سلطنت کا دیوالہ نکل گیا۔

۷- جاٹ گردی نے رہی سہی آبرو کو خاک میں ملا دیا اور سورج مل جاٹ نے دن دہاڑے آگرہ میں اندھیر

مچا دیا "جب قسمت خراب ہوتی ہے تو سورج سے بھی روشنی نہیں ملتی"۔

۸۔ سب کچھ جا چکا تھا، مگر ہنوز بادشاہ کی ظاہری آنکھیں موجود تھیں، غلام قادر روہیلہ نے سوچا کہ جب ان سے کام نہیں لیا جاتا تو پھر کیوں نہ انہیں جسم سے جدا کر دیا جائے؟ آخر ایک بے کار شے بادشاہ کے جسم نازک پر بار کیوں بنی رہے۔ شاہ عالم کی آنکھیں نہیں نکالی گئیں سلطنت مغلیہ اندھی ہو گئی، مگر تھی بہت سخت جاں برسوں سسکتی رہی۔

۹۔ ۱۸۵۷ء میں شاطر قدرت نے ایسا پانسہ پھینکا کہ فرنگی تاجروں کے "پو بارے" ہو گئے۔ میر جعفر کی "وطن دوستی" اور "نمک حلالی" کی بدولت جو لوگ آگ لینے آئے تھے، انہیں "پیمبری" مل گئی۔ چنانچہ کچھ عرصہ کے بعد شہنشاہِ ہند بھی دلی چھوڑ کر اُن کے سایۂ عاطفت میں رہنے کے لئے الہ آباد آ گیا۔ مکان بغیر مکین کے رہ گیا،

۱۰۔ ۱۷۹۹ء میں ایک مرد خود آگاہ نے مادرِ وطن کے استخلاص کے لئے آخری کوشش کی۔ لیکن کارکنان قضا و قدر کو کچھ اور ہی منظور تھا۔ میر صادق نے جس کے قالب میں شاید میر جعفر کی روح داخل ہو گئی تھی حق وفاداری ادا کر دیا اور سرنگا پٹم پر انگریزی پرچم لہرانے لگا۔ علامہ اقبال نے جعفر اور صادق کے متعلق جو کچھ لکھا ہے اسے نقل کئے بغیر آگے بڑھنا گناہ سمجھتا ہوں۔

جعفر از بنگال و صادق از دکن
ننگِ آدم ننگِ دیں ننگِ وطن

الغرض جب مادرِ ہند کا یہ مایۂ ناز فرزند جو بقول اقبال "مشرق اندر خواب و او بیدار بود" اپنا فرضِ منصبی ادا کر کے آغوشِ لحد میں سو گیا تو اسلامی سیاست پر نزع کا عالم طاری ہو گیا اور

۱۸۰۳ء میں جب لارڈ لیک نے دلّی فتح کی تو مسلمانوں کی سیاسی زندگی کا خاتمہ ہو گیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رٰجِعُوْن

ناظرین! اٹھارھویں صدی عیسوی میں مسلمانوں کی سیاسی حالت کا اجمالی نقشہ پیش کر چکا، اب مذہبی حالت کی داستان بیان کرتا ہوں۔

ہندوستان جنّت نشان میں مسلمانوں کا قدم پہلے پہل ۷۱۲ء میں آیا، لیکن ان کی مستقل حکومت تیرھویں صدی عیسوی سے شروع ہوئی۔ اگر وقت اور صفحات اجازت دیتے تو اس بے اعتنائی کا حال بالتفصیل بیان کرتا جو غلاموں، خلجیوں، تغلقوں، سیدوں، لودیوں اور ترکوں یا مغلوں نے مذہب اسلام کے ساتھ روا رکھی اور مسلسل پانچ صدیوں تک روا رکھی۔

بس مختصر طور پر عرض کرتا ہوں کہ سلاطین اور امرائے ہند نے تبلیغ و اشاعت اسلام کے لئے کوئی منظم اور باقاعدہ کوشش نہیں کی۔ اس فرض کی بجا آوری کے لئے کوئی محکمہ قائم نہیں کیا گیا۔ اسلام جس قدر پھیلا

(ا)۔ یا اپنی ذاتی خوبیوں کی وجہ سے۔

(ب)۔ یا حضرات صوفیائے کرام اور خصوصًا خواجگانِ چشت کی توجہ اور اُن کے فیض روحانی سے۔

(ج)۔ یا بعض مسلمانوں کی انفرادی کوششوں سے (جن کا ذکر آگے آئیگا) نام نہاد اسلامی حکومت نے اسلام کی تبلیغ کے لئے کچھ نہیں کیا اگر مسلمان حکمران تبلیغ کا محکمہ باضابطہ قائم کر دیتے اور اسی جوش و خروش، ہمت، حوصلہ، تعلیم اور خلوص کے ساتھ تبلیغ اسلام کی جاتی جس طرح آج تبلیغِ مسیحیت ہو رہی ہے تو آج ہندوستان میں صرف ایک ہی مذہب ہوتا اور ہماری

سرکار" دولت مدار" کو ہندو مسلم فسادات کی وجہ سے جو تکلیف اٹھانی پڑتی ہے اس کا نام و نشان بھی نہ ہوتا۔

جن بادشاہوں نے تبلیغِ اسلام کے لئے ذاتی اور انفرادی طور پر کوشش کی اُن کا حال ذیل میں قلمبند کرتا ہوں۔

۱۔ سلطان فیروز شاہ تغلق نے تبلیغ و اشاعت اسلام کے لئے دہلی میں ایک مدرسہ قائم کیا جس میں مبلغین تیار کئے جاتے تھے۔

۲۔ اورنگ زیب نے تبلیغ و اشاعتِ اسلام کے لئے اگرچہ کوئی خاص مدرسہ یا نظام یا محکمہ قائم نہیں کیا۔ تاہم اس کی اسلامی زندگی کی بدولت اسلام کو فروغ حاصل ہؤا۔

۳۔ سلطان محمود بیگڑہ والئ گجرات نے بھی تبلیغِ اسلام میں سرگرمی دکھائی۔

۴۔ سلطان شہید ٹیپو رح کو بھی تبلیغِ اسلام کا خاص خیال تھا۔

مسلمانوں کے ہفت صد سالہ عہدِ حکومت میں صرف یہ چار بادشاہ ایسے گذرے ہیں جن کو مسلمان بادشاہ کہا جا سکتا ہے۔

بہرکیف بعض سلاطین حضرات صوفیا و علما اور بعض دردمند مسلمانوں کی انفرادی کوششوں سے اسلام اس ملک میں پھیلا اور اٹھارھویں صدی عیسوی تک مسلمانوں کی تعداد کئی کروڑ سے متجاوز ہو چکی تھی۔

لیکن باقاعدہ مذہبی نظام نہ ہونے کی وجہ سے، ان نومسلموں کی مذہبی تعلیم و تربیت کا خاطر خواہ اور بعض حالات میں مطلق انتظام نہ ہو سکا۔

ہندو عورتیں جب دائرۂ اسلام میں داخل ہوئیں تو وہ ٹھیک اسی طرح ہندو مراسم، عقائد،

رسُوم، توہمات اور خیالات اپنے ساتھ لیتی آئیں جس طرح یہود اور نصاریٰ جب فوج فوج دینِ اسلام میں داخل ہوئے تو اسرائیلیات کا انبارِ عظیم اپنے ساتھ لیتے آئے تھے جن سے ہماری اکثر کتب تفاسیر آج بھی بھری پڑی ہیں اور مرورِ ایام سے وہ روایات ہماری مذہبی زندگی میں کچھ اس طرح پیوست ہو گئی ہیں کہ آج اگر ان کو جدا کیا جائے تو مادۂ فاسد کے ساتھ جسم کا صحیح حصّہ بھی کھنچا چلا آئے گا۔

ہندو عورتوں سے شادی کرنے کی بدعت سلطان علاؤ الدین خلجی نے قائم کی اور اگرچہ اس طرزِ عمل سے مسلمانوں کی تعداد میں اضافہ ضرور ہوا لیکن یہ "دیویاں" بہت سی مشرکانہ رسُوم بھی اپنے ساتھ لائیں اور رفتہ رفتہ وہ رسُوم اور خیالات مسلمانوں کی تمدّنی زندگی میں داخل ہو گئے اور یہ چیزیں آج بیسویں صدی میں بھی مسلمان عورتوں کی مذہبی زندگی کا جزو بنی ہوئی ہیں اور اُن کی نظر میں انہی عقائد و رسُوم کا نام اسلام ہے

بعض اوقات ہزاروں کی تعداد میں ہندوؤں نے اسلام قبول کیا ہوگا، مسلمان علما نے انہیں کلمہ پڑھا دیا اور اُن کو اپنے حال پر چھوڑ دیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ برائے نام تو مسلمان ہو گئے لیکن شرک اور توہم پرستی کی گمراہی سے باہر نہ نکل سکے۔

جہانگیر نے لکھا ہے کہ ایک مرتبہ جب میں کشمیر جا رہا تھا دریائے جہلم کے کنارے قیام پذیر ہوا۔ دورانِ قیام میں مجھے معلوم ہوا کہ یہاں کے مسلمان اپنے مُردوں کو دفن نہیں کرتے بلکہ چتا پر جلاتے ہیں اور اپنی مسلمان لڑکیوں کی شادی ہندوؤں کے ساتھ بھی کر دیتے ہیں۔

یہ حالات میرے قیاس کو تقویت پہنچاتے ہیں کہ جو ہندو دائرۂ اسلام میں داخل ہوئے، ان کی

مذہبی تربیت مطلق نہیں ہوئی۔

آج بھی یہی کیفیت ہے۔ ۱۹۱۱ء کی رپورٹ مردم شماری میں لکھا ہے "ملکانہ راجپوتوں میں جو بظاہر مسلمان ہیں، ابھی تک بہت سی رسوم ہنود و مذہب کی موجود ہیں۔ یہ لوگ ہنود کے سے نام رکھتے ہیں، مندروں میں جاتے ہیں، دیوتاؤں سے استمداد کرتے ہیں، سلام کی جگہ وہی رام رام کرتے ہیں۔ اور اُن کی عورتیں بہت سی مشرکانہ رسوم میں گرفتار ہیں، تاہم ختنہ کراتے ہیں اور مُردوں کو دفن کر دیتے ہیں"

پس کوئی تعجب نہیں اگر اٹھارھویں صدی عیسوی میں مسلمانوں کے اندر آثار پرستی، مقابر پرستی، اولیا پرستی، جھاڑ پھونک، جنتر منتر، گنڈا، ڈوری، ٹونہ، ٹوٹکہ، بھوت پریت، مشرکانہ رسُوم، اور عقائد پائے جاتے ہوں۔

مَیں اکثر حیران ہوا کرتا تھا کہ مسلمانوں میں ہر مرض کا علاج گنڈے ڈوروں اور ٹونے ٹوٹکوں سے ہوتا ہے یہ کیا بات ہے؟

قرآن مجید میں ان چیزوں کا مطلق ذکر نہیں۔ لیکن یجروید کا مطالعہ کیا تو مجھے معلوم ہوا کہ اس میں ہر بات کا منتر موجود ہے۔ چند عنوانات ملاحظہ ہوں۔

۱۔ جملہ امراض جسمانی و دماغی کے دفعیہ کے منتر

۲۔ کھیت میں افزائشِ غلّہ کا منتر

۳۔ دو آدمیوں میں عداوت کا منتر

۴۔ کسی عورت کو قابو میں لانے کا منتر

۵- قوتِ مردمی میں اضافہ کا منتر۔

اِن منتروں کے علاوہ اور بھی بہت سی اقسام کے منتر موجود ہیں۔ یقیناً یہی وجہ ہے کہ آج مسلمانو میں بھی بحرِ دید کے متوازی رنگ میں آپ کو ہر کام کے لئے گنڈا تعویذ مل سکتا ہے بلکہ مسلمان تو اس فنِ شریف میں ہنود سے بھی چار قدم آگے بڑھ گئے ہیں۔

۱- جن اور بھوت کے اتارنے کے لئے، جو خصوصیت کے ساتھ مسلمان عورتوں کے سروں پر سوار ہوتا ہے، عمل پڑھا جاتا ہے، اور بقول مستورات "حاضرات" کی جاتی ہے۔

۲- غیر معروف مقامات پر ایک چراغ اور دو چار پھولوں کے ہار رکھ دیئے جاتے ہیں اور چند روز کے بعد وہاں ایک "شہید مرد" کا نزول یقین کر لیا جاتا ہے۔ کچھ دنوں کے بعد کوئی نہ کوئی مجاور بھی پیدا ہو ہی جاتا ہے، اور باقاعدہ جمعراتیں منائی جانے لگتی ہیں۔

راقم الحروف نے اپنے وطن مالوف "بریلی شریف" میں بچشم خود بعض غیر معروف مقامات کو زیارتگاہ خاص و عام میں تبدیل ہوتے ہوئے دیکھا ہے۔

یہ آج کی باتیں ہیں جب کہ مذہبی تعلیم بھی عام ہوگئی ہے۔ مسلمانوں میں بیداری کی لہر بھی پیدا ہوچکی ہے۔ ہندوستان کے ہر شہر میں اسلامی مدارس موجود ہیں تو ناظرین خود اندازہ لگائیں کہ اٹھارہویں صدی میں جب کہ ہندوستان میں بدنظمی اور طوائف الملوکی کا دور تھا اور عامۃ المسلمین جہالت کے سمندر میں غرق تھے۔ اس زمانہ میں ان کی ذہنی پستی اور مذہبی انحطاط کا کیا عالم ہوگا۔

مسلمانوں میں اصلاح کا کام ۱۸۶۷ء سے جاری ہے۔ لیکن کم و بیش ستر سال گذر جانے کے بعد بھی مشرکانہ رسوم اور خیالات ان میں موجود ہیں تو ۱۸۶۷ء میں اس لحاظ سے جو ان کی حالت

ہو گی اس کا تصوّر چنداں دشوار نہیں ہے۔ پوری تفصیل تو نہیں چند باتیں عرض کئے دیتا ہوں۔

۱۔ مسلمانوں میں بیوہ عورت کا نکاح ایسا ہی معیوب تھا جیسا کسی مسلمان کا لحم خنزیر کھا لینا۔

۲۔ قرآن مجید کا مادری زبان میں بھی ترجمہ کرنا جائز نہ تھا۔

۳۔ بیوی کی صحنک عورتوں میں اور تصوّر شیخ مردوں میں ان دو باتوں کو اسلام کی روح قرار دیا جاتا تھا۔

۴۔ قبر پرستی، پیر پرستی، آثار پرستی، تعزیہ و علم پرستی، رسوم پرستی، آبا پرستی مسلمانوں کا شعار زندگی تھا۔

اب ان کی مجلسی اور تمدّنی حالت پر نظر ڈال لیجئے۔ میں لکھ چکا ہوں کہ سلاطین اور امرا عیش و عشرت میں مشغول تھے تو پھر عامۃ المسلمین کیوں نہ اُن کے نقشِ قدم پر چلتے۔ یُوں بھی جب کوئی قوم کئی صدیوں تک حکمرانی کر چکتی ہے تو اس کے اندر تن آسانی کا رنگ ضرور پیدا ہو جاتا ہے بقول علامہ اقبال ؎

آ تجھ کو بتاؤں میں تقدیرِ امم کیا ہے
شمشیر و سناں اوّل طاؤس و رباب آخر

فنونِ لطیفہ کے علاوہ، فنونِ کثیفہ میں بھی مسلمان کسی سے پیچھے نہ تھے۔ جو لوگ دولتمند تھے وہ شاعری اور موسیقی کے علاوہ اپنا روپیہ اور روقت مرغ بازی، بٹیر بازی، تیتر بازی، پتنگ بازی اور تاش، گنجفہ، چوسر اور شطرنج میں ضائع کرتے تھے۔ شراب خوری اور کمار بازی دونوں چیزیں عام تھیں۔ یہ لوگ انہیں مطلق عیوب نہیں سمجھتے تھے۔ انیسویں صدی کے شروع تک بعض مسلمان جہلا اور عوام بغیر نکاح کئے عورتوں سے باقاعدہ تعلقاتِ زناشوئی قائم کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں سمجھتے تھے۔

جہالت عام تھی اور مردوں اور عورتوں دونوں کے دماغوں پر اس ملکۂ خون آشام کی دو سیہ فام بیٹیوں تعصب اور توہم کی حکومت تھی۔ دینی علوم تو بڑی چیز ہیں، عامۃ المسلمین لکھنے پڑھنے سے بھی عاری تھے۔ مسلمانوں کی تعلیمی حالت آج ناگفتہ بہ ہے۔ دنیا کی جملہ اقوام میں کوئی قوم مسلمانوں سے زیادہ جاہل نہیں ہے۔ تو آج سے ۱۵۰ سال پہلے جو حالت ہوگی اس کا اندازہ کیا دشوار ہے؟

علماء کا حال یہ تھا کہ ساری عمر منطق، فلسفہ کی کتابیں چاٹتے رہتے تھے۔ اگر دینی علوم پڑھتے تھے تو صرف فقہ حنفی کی چند مخصوص کتابیں (اور وہ بھی متاخرین کی تصنیف کردہ) یا زیادہ سے زیادہ بطور تبرک صحاح ستہ کا کچھ حصہ۔ قرآن مجید ان کے نصاب تعلیم میں مطلق داخل نہ تھا۔ محض برائے نام اس کے ڈھائی پاروں کی تفسیر پڑھ لیا کرتے تھے۔

تصوف کی تعلیم سراپا مسخ ہو چکی تھی۔ اولاً اسلامی تصوف میں ویدانت اور اپنشد کے عناصر داخل ہو گئے تھے۔ جن کی وجہ سے مسلمانوں میں غلط اور گمراہ کن خیالات پیدا ہو گئے تھے۔ تقدیر اور توکل دونوں کے معنی بدل گئے تھے۔ عملی قوت مردہ ہو گئی تھی۔ ثانیاً صوفیا کے مزاروں پر اُن کے متوسلین بیٹھے ہوئے تھے۔ جو زائرین سے استحصال بالجبر کو عین عبادت تصور کرتے تھے۔ اور قبر پرستی کی خوبیاں بیان کر کر کے اپنی آمدنی کے وسایل کو تقویت پہنچاتے رہتے تھے

یہ حالات تھے جب شاہ ولی اللہ کے خاندان میں حضرت مولانا اسمٰعیل شہید پیدا ہوئے۔

مجدد صدی دوازدہم حجۃ الاسلام حضرت شاہ ولی اللہ صاحب دہلوی رح ۱۱۱۴ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۱۷۶ھ میں وفات پائی۔ انہوں نے قرآن مجید کا فارسی میں ترجمہ کیا اور حجۃ البالغہ لکھ کر مسلمانوں پر خدا کی حجت پوری کردی۔ یہ کتاب اس پایہ کی ہے کہ اسلامی لٹریچر میں مشکل سے کوئی کتاب اس سے

بڑھ کر پیش کی جا سکتی ہے۔

آپ کے چار صاحبزادے تھے۔ شاہ رفیع الدین، شاہ عبدالقادر، شاہ عبدالعزیز، شاہ عبدالغنیؒ۔ یہ چاروں ایک لائق باپ کے لائق بیٹے تھے۔ اور آسمان علم وفضل پر آفتاب و ماہتاب بن کر چمکے۔ شاہ رفیع الدین صاحب اور شاہ عبدالقادر صاحب نے قرآن مجید کا اردو زبان میں ترجمہ کیا تاکہ وہ مسلمان بھی قرآن مجید سے مستفید ہو سکیں جو فارسی سے نابلد تھے۔ شاہ عبدالعزیز صاحب نے بھی قرآن اور سنّت کی ترویج کو شعارِ زندگی بنایا اور وہ ہندوستان کے آخری عالم تھے جن کی عزت انگریزی حکومت بھی کرتی تھی۔ دلّی کا کلکٹر ہر اتوار کی صبح کو ان کی خدمت میں حاضر ہوا کرتا تھا۔ کیا انقلابِ زمانہ ہے آج علماء سلام کرنے جاتے ہیں!

شاہ صاحب نے شیعوں کے مقابلہ میں تحفہ اثنا عشری قابلِ دید کتاب لکھی ہے۔ آپ نے ۱۲۳۹ھ میں وفات پائی۔

شاہ عبدالغنی صاحبؒ نے وعظ و تذکیر کا مشغلہ اختیار فرمایا تھا اور دہلی کی جامع مسجد ان کی تبلیغی سرگرمیوں کا مرکز تھی۔ حضرت مولانا اسمٰعیل شہید انہی کے فرزند ارجمند تھے۔

## ابتدائی زندگی

مولانا ایک ایسے خاندان کے چشم و چراغ تھے جو علم وفضل اور زہد و تقوٰی کے لحاظ سے ہندوستان میں آپ ہی اپنی نظیر تھا۔ وہ عارف باللہ حضرت شاہ عبدالرحیم کے پرپوتے مجددِ وقت حضرت شاہ ولی اللہ کے پوتے، حضرت شاہ عبدالعزیز محدّث دہلوی کے بھتیجے اور حضرت شاہ عبدالغنیؒ کے بیٹے تھے، آنکھ کھولی تو گھر میں خدا اور رسول کا ذکر سنا۔ بڑے ہوئے تو حضرت محدّث

دہلوی کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا۔ علومِ ظاہری کے علاوہ علومِ باطنی سے بھی بہرہ وافر پایا تھا۔ قانونِ مشیّتِ ایزدی، قانونِ توارث، افتادِ طبع، تربیت اور ماحول یہ جملہ عناصر ایسے تھے جنہوں نے ان کو اپنے زمانہ کا عدیم المثال انسان بنا دیا۔

تحصیلِ علوم سے فراغت حاصل کرنے کے بعد اپنے والد بزرگوار کے نقشِ قدم پر چل کر، وعظ و نصیحت کا بازار گرم کر دیا اور ۱۸۱۷ء میں حضرت شاہ عبدالقادر صاحب کے انتقال کے بعد مسندِ درس و افتا کو زینت بخشی۔

مسلمانوں کی مذہبی اصلاح کے لئے تقویۃ الایمان لکھی اور دہلی کی جامع مسجد کو اپنی سرگرمیوں کا مرکز بنایا، ان کے مواعظ نہایت دلپذیر اور مفید و خلائق تھے۔ تھوڑے ہی عرصہ کے بعد مسلمانوں کے محبوب رہنما بن گئے۔

اس زمانہ میں جامع مسجد کے اندر حوض کے اردگرد بازار لگا کرتا تھا۔ مولانا کو یہ بات بہت ناگوار تھی۔ چنانچہ انہوں نے بادشاہ دہلی اکبر شاہ ثانی سے اجازت لے کر اس رسمِ قبیح کو بند کرا دیا۔ کیونکہ مسجد ذکرِ خدا کے لئے ہے نہ کہ خرید و فروخت کے لئے۔

تقویۃ الایمان میں انہوں نے عام مسلمانوں کے خیالات اور معتقدات کے خلاف بہت کچھ لکھا تھا، اس لئے بہت سے عوام ان سے برگشتہ ہو گئے۔ دلّی میں اس وقت مولوی فضل حق خیرآبادی منطقی بھی جو حاکم وقت کے دفتر میں سر رشتہ دار تھے، مولانا کے مخالف ہو گئے اور انہوں نے مسئلہ امتناعِ نظیر پر مولانا سے بحث شروع کر دی۔

پنجاب اس زمانہ میں سکھوں کے زیرِ حکومت تھا اور پشاور سے لے کر رہتک تک ان

کی مسلم آزار روش کی وجہ سے مسلمانوں پر عرصۂ حیات تنگ ہو رہا تھا، مساجد میں بھی اذان دینی ممنوع تھی اور لاہور کی تمام بڑی بڑی مساجد میں گھوڑے بندھے ہوئے تھے اور سامانِ حرب رکھا ہوا تھا چنانچہ لاہور میں آج بھی ایک مسجد بارود خانہ والی مسجد کے نام سے مشہور ہے۔ قرآن مجید کی علانیہ بے حرمتی کی جاتی تھی۔ شعائرِ مذہبی کی روزمرہ توہین ہوتی تھی۔ اور مذہبی فرائض کی بجا آوری بعض صورتوں میں بالکل ناممکن ہو گئی تھی۔ علامہ اقبال نے ایک شعر میں یہاں کی حالت کا عبرت انگیز نقشہ کھینچا ہے۔ غالباً وہ صورتِ حالات سے آگاہ کرنے کے لئے کافی ہوگا:۔

خالصہ شمشیر و قرآں را ببرد
اندراں کشور مسلمانی بمرد

مولانا کا دل یہاں کے حالات و واقعات سن سن کر بہت کڑھتا تھا اور آخر کار انہوں نے فیصلہ کر لیا کہ سکھوں کے خلاف عَلمِ جہاد بلند کرنا چاہیئے۔ اس معاملہ میں حضرت سید احمد صاحب رائے بریلوی رح جو تیرھویں صدی کے مجدّد تھے، ان کے ہمنوا اور ہم خیال بن گئے، اِن دونوں صاحبوں نے اللہ کا نام لے کر دہلی کی جامع مسجد میں جہاد کا وعظ کہنا شروع کر دیا۔ اور کچھ عرصہ کے بعد مجاہدین کی ایک جماعت تیار کر کے ۱۲۴۱ھ میں بارادۂ جہاد دہلی سے روانہ ہو گئے۔

جنوبی پنجاب میں مجاہدین کو بہت کچھ کامیابی نصیب ہوئی اس کے بعد ان حضرات نے یہ خیال کیا کہ سرحد کے افغانوں کو بھی اپنے ساتھ ملا لینا چاہیئے۔ اس لئے مجاہدین کی یہ جماعت

یاغستان کی طرف روانہ ہوئی اور وہاں کے باشندوں میں جہاد کی تبلیغ کرنے کے بعد از سرنو معرکۂ کارزار گرم کر دیا۔

چونکہ مشیّتِ ایزدی کو کچھ اور ہی منظور تھا اس لیے ۱۲۴۶ھ میں سید صاحب اور مولانا دونوں نے میدانِ جنگ میں جامِ شہادت نوش فرمایا اور مجاہدین کی جماعت ناکام واپس آ گئی۔

اگرچہ مولانا کو اس معرکے میں کامیابی حاصل نہیں ہوئی، تاہم انہوں نے دنیا کو سبق دے دیا کہ مسلمان باطل کے سامنے سرنگوں نہیں ہو سکتا، جہاد فی سبیل اللہ کا یہ آخری نظارہ تھا جو ہندوستان کی آنکھوں نے دیکھا، اس کے بعد ایسا انقلابِ عظیم رونما ہوا کہ مسلمان جہاد تو درکنار تلوار سے بھی محروم ہو گئے۔

مولانا اسمٰعیل شہید کی زندگی اول سے آخر تک بیسویں صدی کے مسلمانوں کے لئے شمعِ ہدایت ہے۔ ان کی زندگی کے فلسفہ کو علامہ اقبال نے اس طرح زیبِ قرطاس کیا ہے۔

بگذر از مرگے کہ سازد با لحد | زانکہ این مرگ است مرگِ دام و دد
مردِ مومن خواہد از یزدانِ پاک | آن دگر مرگے کہ برگیرد ز خاک
آں دگر مرگ، انتہائے راہِ شوق | آخرین تکبیر در جنگاہِ شوق

خدا کرے مسلمانوں کو اس موت کی آرزو پیدا ہو جائے تاکہ ملّت کی زندگی کا سامان از سرنو مہیّا ہو سکے۔ آمین

# اسلامی حُرّیت کا علمبردار

مولانا محمد میاں دیوبندی

مصنّف

عُلمائے ہند کا شاندار ماضی

صداقت مشک ہے۔ مہکنا اُس کی فطری خاصیت ہے۔ گیا اوقات باطل کا نافہ اس کو چھپا لیتا ہے؛ مگر یہ پوشیدگی عارضی ہوتی ہے۔ صداقت کی مہک باطل کے نافہ میں اور تیز ہوتی رہتی ہے حتّٰی کہ خود نافۂ باطل مشکِ صداقت کا پتہ دینے لگتا ہے۔ پاکیزہ طبیعتیں جو مشک کی طالب ہوتی ہیں۔ وہ نافہ کو توڑ پھوڑ کر پھینک دیتی ہیں۔ اور مشکِ صداقت اپنی پوری پاکیزگی سے دل و دماغ کو معطّر کرنے لگتا ہے۔ رُوح کو تازگی بخشتا ہے۔ انسانیت کے لطیف عنصر کو قوت پہنچاتا ہے۔ اور دنیا اس منظر کو برای العین دیکھ لیتی ہے۔ کہ

جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ط — حق آیا، باطل مٹ گیا باطل اسی لئے

اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا — ہے کہ مٹے۔

حضرت اسمٰعیل شہید کی پاکیزہ سیرت اسی فطری رفتار کا ایک نقشہ ہے۔ باطل پرستوں کی بطلان پرستی نے ایک عرصہ تک حقیقت کو چھپائے رکھا۔ حضرت شہید کے متعلق یہ بھی ظاہر کیا گیا کہ آپ مخصوص اصطلاح کے لحاظ سے وہابی تھے۔ معاذ اللہ آپ کے دل میں نہ اولیاء صادقین کی عظمت تھی نہ انبیاء علیہم السلام کی۔ معاذ اللہ اسی ملاگردی کی کوتاہ اندیشیوں میں آپ جان دے بیٹھے اور لُطف یہ کہ خود شہیدِ اقدس کے ہمنوا حضرات بھی باطل کی تاریک چادر سے کچھ مرعوب ہو گئے۔

یعنی حضرت شہید کی شہادت کے اصلی راز سے ناواقف رہے ہے۔ اگرچہ وہ اتہام وہابیت کے اٹھانے میں پوری قوت سے معرکہ آرا رہے ہے۔ لیکن خون شہید اپنی پاکیزگی میں آہوئے ختن کے خون سے بدرجہا زائد تھا۔ وہ عنصر مشک تھا جس کا نافہ آخرکار توڑا گیا۔

پوری ایک صدی گذر جانے کے بعد یہ سوال پیدا ہوا کہ دارالاسلام ہندوستان پر جب انگریزی حکومت نے تغلّب کیا تو سب سے پہلا کون شخص تھا جس نے قانونِ اسلام کی پابندی کرتے ہوئے ہندوستان کو دوبارہ دارالاسلام بنانے کی کوشش کی

سیدنا حضرت شاہ ولی اللہ کے بابرکت اور مقدّس خاندان کے متعلق جس قدر کتب تاریخ و سوانح کی اوراق گردانی کی۔ کاتبِ حروف کے اس یقین میں اضافہ ہوتا رہا کہ اس مقدّس مگر خطرناک فریضہ کو اس مبارک خاندان نے اسی عزم و استقلال جرأت اور پامردی سے انجام دیا۔ جو حضرت سرورکائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے وارثین کی شانِ عالی کے شایاں تھا۔

## حضرت شہید کا سلسلہ نسب

اصل مقصد کے آغاز سے پہلے یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ شہید کی خاندانی عظمت اور سیدنا حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہ العزیز سے آپ کے نسبی واسطہ کا تعارف کرادیا جائے۔

سیدنا حضرت شاہ ولی اللہ کے چار فرزند تھے:۔

(۱) حضرت شاہ عبدالعزیز رح (۲) حضرت شاہ عبدالقادر رح (۳) حضرت شاہ رفیع الدین رح (۴) حضرت شاہ عبدالغنی رح۔

حضرت مولانا شاہ اسمٰعیل شہید رح حضرت شاہ عبدالغنی رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند ارجمند تھے۔ یعنی

حضرت شاہ ولی اللہ رح کے پوتے۔

اس خاندان کے دیگر ممتاز افراد یہ تھے:۔

حضرت شاہ محمد اسحٰق رح۔ حضرت شاہ محمد یعقوب رح۔ حضرت شاہ مولانا عبدالحی رح۔ حضرت شاہ عبدالغنی رح۔

اس وقت صرف اس خاندانی رابطہ کو بیان کرنا مقصود تھا۔ جو حضرت شاہ اسمٰعیل اور حضرت شاہ ولی اللہ رح کے درمیان ہے۔ اس کے بعد ان خدمات کی مختصر فہرست پیش خدمت ہے۔ جو ورود برطانیہ کے بعد رزمگاہِ سیاست میں اس خاندان سے ظہور پذیر ہوئیں۔

حضرت شاہ عبدالعزیز رح متوفی ۱۲۳۹ھ سب سے پہلے بزرگ ہیں جنہوں نے ہندوستان کے سیاسی حالات پر روشنی ڈالتے ہوئے تحریر فرمایا:۔

"درین شہر حکم امام المسلمین اصلا جاری نیست و حکم رؤسائے نصاریٰ بے دغدغہ جاری ہست۔ و مراد از اجراء احکام کفر این ست کہ در مقدمہ ملک داری و بندوبست رعایا و اخذ خراج و عشور اموال تجارت، و سیاست قطاع الطریق و سراق و منصل خصومات و سزائے جنایات کفار بطور خود حاکم باشند۔ آرے اگر بعض احکام اسلام را مثل جمعہ و عیدین و اذان و ذبح بقر تعرض نہ کنند نکردہ باشند۔ لیکن اصل الاصول این چیز ہا نزد ایشاں ہباؤ ہدر است۔ زیرا کہ مساجد را بے تکلف ہدم مینمائند۔ و ہیچ مسلمان یا ذمی بغیر استیمان ایشاں دریں شہر و در نواح آں نمی تواند آمد۔ برائے منفعت خود از واردین و مسافرین و تجار مخالفت نمی نمائند۔ اعیان دیگر مثل شجاع الملک و ولایتی بیگم بغیر حکم ایشاں دریں بلاد داخل نمی توانند شد و ازیں شہر تا کلکتہ عمل نصاریٰ جاری است۔

(فتاویٰ عزیزیہ ج ا ص ۱۷ مجتبائی)

مذکورہ بالا فتویٰ کے بعد دو فرض عام مسلمانوں اور بالخصوص علمائے کرام پر عائد ہوتے تھے:۔

(۱) جہاد ........ (۲) اگر ممکن نہ ہو تو ہجرت۔

چنانچہ حضرت سید احمد بریلوی و مولانا شاہ اسمٰعیل۔ حضرت مولانا عبدالحی وہ اکابر ہیں جنہوں نے اول فریضہ پر عمل کیا۔ اور جب کہ مشیت ایزدی نہ تھی کہ اہل ہند کی بدقسمتی پر حسن تدبیر کا غلبہ ہو سکے تو حضرت سید صاحبؒ اور حضرت شاہ صاحبؒ کی شہادت کے بعد مولانا شاہ محمد اسحٰق رح و حضرت شاہ محمد یعقوبؒ رح نے جہادِ حریت (غدر ۱۸۵۷ء) سے تقریباً دس سال پیشتر یعنی ۱۲۶۲ھ میں اور شاہ عبدالغنی رح نے خاص جہادِ حریت یعنی (باصطلاحِ عوام غدر ۱۸۵۷ء) کے دوران میں ہجرت فرمائی رحمہم اللہ و رضی عنہم۔

(۱) سب سے پہلے ہندوستان کے متعلق دارالحرب کا فتویٰ دینے والے } حضرت سیدنا شاہ عبدالعزیزؒ

(۲) دارالحرب کو دارالاسلام بنانے کی کوشش کرنے والے } حضرت سید احمد رح مولانا حضرت شاہ محمد اسمٰعیل۔

(۳) دارالحرب سے سب سے پہلے ہجرت کرنے والے } حضرت شاہ اسحٰق رح۔ حضرت شاہ یعقوبؒ۔

## حضرت شہید کے جہادِ عظیم کا مقصد

کسی انسان کی زندگی پر جو سب سے پہلے ظلم ہو سکتا ہے۔ وہ یہ کہ اُس کے جانفروشانہ کارنامہ کو مسخ کردیا جائے۔ اس کی قربانیوں کو کسی ایسے مقصد پر محمول کیا جائے جو اس کے مقدس عزم اور عالی حوصلہ کے برعکس ہو۔

حضرت شہید کے جہاد کا سب کو علم ہے۔ اور یہ بھی ہر مخالف و موافق جانتا ہے کہ حضرت شہیدؒ اسی جہاد میں کام آئے لیکن یہ کسی کو بھی یاد نہ رہا کہ حضرت شہید نے یہ جہاد کیوں کیا تھا؟ اور آپ کے

اور آپ کے پیر مرشد کی مساعیٔ جلیلہ کا مقصدِ اعظم کیا تھا؟ بلکہ پروپیگنڈے کی زبردست طاقت سے اصل حقیقت کو بالکل مخفی کر دیا گیا۔ اور ایسا گم کیا گیا کہ اب ہر ایک کو اس کا سمجھانا اور یقین دلانا بھی دشوار ہو گیا۔

بہر حال آج ہمیں اس گم شدہ اور فراموش کردہ حقیقت کے چہرہ سے نقاب اُٹھانا ہے۔ کہ حضرتِ شہید کے جہاد کا اصل مقصد سکھوں سے مظلوم مسلمانوں کا انتقام لینا یا اُن کے مقبوضات کو اسلامی حکومت کے زیرِ نگین کرنا ہی نہ تھا۔ بلکہ ان کے پیشِ نظر کل ہندوستان کا مسئلہ تھا۔ اور وہ اسی مقصد کے لئے سر بکف میدان میں آئے تھے کہ ہندوستان کو اعدائے اسلام کے ناپاک تسلط سے آزاد کر کے پھر سے اس کو دارالاسلام بنائیں۔ اگرچہ قلتِ فرصت کے باعث اس موضوع پر اس وقت کما حقہ، روشنی نہیں ڈالی جا سکتی۔ مگر توقع ہے کہ اربابِ بصیرت اس مختصر بیان سے ہی صحیح نتیجہ پر پہنچ سکیں گے لیکن اسکے بیان سے پیشتر ضرورت ہے کہ اس زمانہ کے سیاسی ماحول کو مختصراً بیان کر دیا جائے۔

# حضرتِ شہید کا سیاسی ماحول

## سکھ، انگریز اور حضرتِ شہید

شاہ محمد اسمٰعیل نے ہوش سنبھالا تو انیسویں صدی عیسوی کا آغاز تھا۔ تقریباً پچاس سال گذر چکے تھے کہ انگریزوں نے پلاسی کے میدان کو ۱۷۵۷ء میں عیاری یا بہادری سے جیت کر بنگالہ میں قدم جما لئے تھے اور اس کے کچھ عرصہ بعد ہی میر جعفر کو بنگال میں بے دست و پا کر کے اور میر قاسم کو صوبہ بہار میں شکست دیکر شاہزادہ عالی گوہر عرف شاہ عالم سے صوبہ بہار اور بنگال کی دیوانی بمعاوضہ ۲۱ لاکھ روپیہ

سالانہ حاصل کر چکے تھے جس کی رو سے الہ آباد سے بنگال و آسام کے آخری کنارے تک انگریزی تسلّط باقاعدہ تسلیم کر لیا گیا تھا۔ اور پھر الٰہ آباد سے آگے بڑھتے ہوئے ۱۸۰۳ء میں شاہ عالم بادشاہ دہلی سے وہ مضحکہ خیز معاہدہ بھی ہو چکا تھا جس سے گویا ہندوستان کے مسلمانوں کو عجیب طرح سے احمق بنایا گیا تھا جس کی مختصر تفصیل یہ ہے کہ ۱۸۰۳ء میں انگریزوں نے دہلی پر حملہ کیا۔ شاہ عالم کو گرفتار کر لیا۔ مگر غالبًا یہ خیال تھا کہ بادشاہ کو قتل یا جلاوطن کر کے دہلی پر براہ راست قبضہ کر لیا جائے تو ہندوستانیوں میں وہ اشتعال پیدا ہو جائیگا جس کی روک تھام ناممکن ہوگی۔

لہٰذا انگریزی ڈپلومیسی کی دیرینہ روایات کی پوری پابندی کرتے ہوئے۔ زیر حراست اور مبتلائے قید و بند شاہ عالم کے ساتھ ایک معاہدہ کر لیا گیا تھا جس کی رُو سے شاہ دہلی کی حکومت کو دہلی شہر قلعہ اور اطرافِ دہلی تا قطب صاحب میں محدود کر کے مسلمانوں کے حقوق کے تحفظ کو اپنے ذمے لے لیا گیا تھا۔ مثلاً یہ کہ حکومت کی زبان فارسی رہے گی۔ مسلمانوں کے قاضی اور ہندوؤں کے پنڈت اُن کے مقدمات فیصل کریں گے۔ وغیرہ وغیرہ

اور پھر ۱۸۰۶ء میں شاہِ عالم کی وفات کے بعد جب اکبر ثانی تخت نشین ہوا تو جہاں پناہ ظلِّ سبحانی کو ان کے اختیارات سے اور بھی زیادہ سبکدوش کر دیا گیا تھا۔ حدودِ مملکت بھی اب کانٹ چھانٹ کر صرف قلعہ اور شہر دہلی تک محدود کر دئیے گئے تھے۔

ممکن ہے عام ہندوستانی انگریزی معاہدات سے مطمئن ہوں۔ مگر خاندانِ ولی اللّٰہی کے ماہرین سیاست و فراست کسی طرح بھی مطمئن نہ تھے۔ چنانچہ اسی زمانہ میں شاہ عبدالعزیز وہ فتویٰ صادر فرما چکے تھے جس کی کچھ عبارت پہلے گذری۔ جس میں ہندوستان کو دارالحرب قرار دیا تھا۔

یہی وہ زمانہ تھا۔ کہ جب احمد شاہ ابدالی کے پوتے زمان شاہ نے ہندوستان پر اسی غرض سے حملہ کیا تھا کہ اسلامی سلطنت کو پھر زندہ کرے۔ لیکن حدودِ افغانستان پر ایران کی جانب سے بغاوت ہو جانے کے باعث (جس کو انگریزوں کی پالیسی بتایا جاتا ہے) اس کو بہت عجلت کے ساتھ لدھیانہ سے کابل واپس جانا پڑا۔ اسی دوا دوی میں وہ رنجیت سنگھ کو پنجاب کا گورنر بنا گیا تھا۔ لیکن زمان شاہ کی وفات نے رنجیت سنگھ کو موقع دے دیا کہ وہ مستقل حکومت کا اعلان کرتے ہوئے سکھ حکومت کے حدود کو کابل تک وسیع کرے۔ چنانچہ پنجاب، ملتان، کشمیر، صوبہ سرحد کے تمام اضلاع رنجیت سنگھ کے زیرنگین ہو گئے۔ اور رنجیت سنگھ نے انگریزی سرکار سے صلح اور تعاون کا معاہدہ کر کے انگریزوں کی بڑھتی ہوئی طاقت سے بھی خود کو محفوظ کر لیا۔

جنوبی ہند میں اٹھارہویں صدی کے آخری نصف حصہ میں چار طاقتیں نمایاں رہیں۔

(۱) مرہٹے۔ جن کا مرکز احاطہ بمبئی تھا۔ صوبہ بمبئی، گجرات، صوبجات متوسط اور راجپوتانہ پر بھی اُن ہی کے تسلط کا پرچم لہراتا تھا جس سے گذر کر وہ اڑیسہ ہوتے ہوتے بنگال تک دھاوا بول دیتے تھے اور دوسری طرف دہلی کو تاراج کرتے تھے۔

(۲) فرانسیسی طاقت مدراس میں (۳) نظام حیدرآباد میں (۴) ٹیپو سلطان میسور میں۔

لیکن اٹھارہویں صدی کے آخر تک یہ تمام طاقتیں شکست و ریخت ہو کر صرف ایک طاقت اس تمام علاقہ پر انا ولا غیری کا طبل بجانے لگی تھی۔ اور وہ ایسٹ انڈیا کمپنی یا انگریزی سرکار تھی۔

حدودِ ہند سے خارج یعنی افغانستان بھی انیسویں صدی کے آغاز میں یعنی زمان شاہ ابدالی کی

وفات کے کچھ عرصہ بعد خانہ جنگی کا اکھاڑا بنا ہوا تھا۔ حتیٰ کہ انگریزی اقتدار وہاں بھی کافی رسوخ حاصل کر چکا تھا۔ اسی طرح ایران بھی انگریزی اقتدار سے محفوظ نہیں تھا۔

الحاصل انگریزی حکومت نے ہندوستان کے تمام صوبوں پر مضبوطی سے قبضہ کر لیا تھا صرف پنجاب، کشمیر، صوبہ سرحد، اور ملتان اس کے اقتدار سے خالی تھا۔ مگر اس پر سکھوں کے قبضہ نے شمال مغربی ہندوستان اور اس کے آس پاس کے مسلمانوں کی راہ بند کر دی تھی۔

مختصر یہ ہے کہ آسام سے لے کر حدودِ ایران تک مسلمان دو طاقتوں میں گھرے ہوئے تھے انگریز اور سکھ۔

## سکھوں کے مظالم کی داستان

اس میں شک نہیں کہ سکھ حکومت بھی مسلمانوں کے لئے کسی طرح اچھی نہ تھی کیونکہ یہ جماعت ڈیڑھ سو برس پیشتر سے مسلمانوں سے نبرد آزما رہی تھی۔ اور جب موقع پاتی تھی مسلمانوں کی تباہی میں کوئی دقیقہ نہ اٹھا رکھتی تھی۔ لیکن مسلمان نتیجۃً غالب ہوتے رہتے تھے۔ اب مغلوب جماعت کا غلبہ یہ ایک دوسرا تصور تھا۔ جو مسلمانوں کی خودداری کو مشتعل کر سکتا تھا۔

لیکن بایں ہمہ یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ رنجیت سنگھ کو زمان شاہ نے گورنری عطا فرمائی۔ اور اسی کی بدولت رنجیت سنگھ نے سلطنت قائم کی۔ مسلمانوں کے دشمن پر مسلمان بادشاہ کی اس نوازش کو اگرچہ دورِ حاضر کے مذاق کے لحاظ سے مسلم کشی سے تعبیر کیا جائے گا۔ لیکن مسلمان سلاطین کی تسخیر کا طریقہ ہی یہ تھا۔ محمود اور بابر کے اصول کے بموجب وہ دشمن کو نوازشوں ہی سے رام کر لیا کرتے تھے۔

اگرچہ سات سو برس کی تاریخ عموماً ہندو راجاؤں کو غدار اور مکار ثابت کرتی رہی مگر مسلمان

بادشاہوں کی فطرت ہی یہ ہوگئی تھی کہ ؏

در عفو لذتیست کہ در انتقام نیست

لہٰذا عقل و قیاس کا تقاضا یہی ہے کہ رنجیت سنگھ اور سکھوں کے جبر و تشدد کی وہ کیفیت مسلمانوں کے ساتھ یقینًا نہ رہی ہوگی جس کا اندازہ اُس کی گذشتہ تاریخ سے ہو سکتا تھا۔

ہاں بیشک یہ مشہور ہے کہ سکھوں نے اذانیں بند کرا دیں۔ مساجد شہید کرا دیں۔ مگر افسوس کہ یہی شکایت شاہ عبدالعزیز رح کے الفاظ میں ہم اس زمانہ کی انگریزی سرکار کے متعلق بھی پاتے ہیں۔ فتویٰ عزیزیہ کے الفاظ یہ ہیں:-

"زیرا کہ مساجد بے تکلف ہدم می نمایند"

علاوہ ازیں یہ ایک حقیقت ہے کہ چالیس سالہ سکھوں کی حکومت مسلمانوں کے مالی، اقتصادی، صنعتی اور تعلیمی وقار پر کچھ بھی اثر انداز نہ ہو سکی۔ حتیٰ کہ سکھوں کی حکومت کے اختتام کے بعد بھی انگریزی افسروں کی رپورٹوں سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ

(الف) حکومت اس عرصہ میں اگرچہ سکھوں کی رہی مگر زمینداری مسلمانوں کی تھی۔ ہندو ان کے ہاں کارندوں کی طرح کام کرتے تھے (ملاحظہ ہو مسلمانوں کے افلاس کا علاج یعنی رپورٹ مرتب کردہ ایجوکیشنل کانفرنس مطبوعہ ۱۹۳۳ء)

(ب) تعلیمی میدان پر مسلمانوں کا قبضہ تھا۔ ہندوؤں کے بچوں کو مسلمان استادوں پر ہی اعتماد تھا اور وہ اُن کے پاس پڑھتے تھے۔ (حکومت خود اختیاری صہ ۹۹)

(ج) صنعت پر مسلمانوں کا قبضہ بدستور رہا۔ چنانچہ رنجیت سنگھ کے زمانہ میں مسلمان توپیں بناتے تھے

اور ان پر تاریخ اور ساخت کا سن عموماً فارسی میں ہوتا تھا۔

(ملاحظہ ہو تاریخ پنجاب مصنفہ منشی عبدالکریم ص۱۴۱ تا ص۱۴۵)

(د) حکومت میں فارسی زبان کو برابر دخل رہا۔

(ہ) ۱۸۔فروری ۱۸۴۶ء کو سکھ حکومت کا انگریزوں سے معاہدہ ہوا تو گلاب سنگھ وزیر کی قیادت میں جس جماعت نے انگریزوں سے گفتگو کی اس میں منجملہ دس ارکان کے چار مسلمان تھے فقیر نورالدین، فقیر تاج الدین، فقیر چراغ الدین، سردار سلطان محمد خاں۔

(تاریخ پنجاب مصنفہ منشی عبدالکریم)

مگر انگریزی حکومت مسلمانوں کے حق میں سکھوں کے مقابلہ پر کیا حیثیت رکھتی تھی۔ اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ

(الف) سر ولیم ہنٹر نے ۱۸۶۹ء میں یعنی ۱۸۵۷ء سے صرف ۱۲ سال بعد بنگال کے متعلق لکھا تھا:۔

"مسلمان اب اس قدر گر گئے ہیں کہ اگر وہ سرکاری ملازمت پانے کی قابلیت بھی حاصل کر لیتے ہیں۔ تب بھی انہیں سرکاری اعلانات کے ذریعہ سے خاص احتیاط کے ساتھ ممنوع کر دیا جاتا ہے ان کی بے کسی کی طرف کوئی متوجہ نہیں ہوتا۔ اور اعلیٰ حکام تو ان کے وجود کو بھی تسلیم کرنا اپنی کسر شان سمجھتے ہیں۔ حکام کے اس طرزِ عمل کا یہ نتیجہ ہوا۔ کہ کلکتہ میں مشکل سے کوئی دفتر ایسا ہو گا جس میں بجز چپراسی یا چٹھی رساں یا دفتری کے مسلمانوں کو کوئی نوکری مل سکے" (مسلمانوں کے افلاس کا علاج ص۱۲۵)

(ب) پنجاب میں انگریزوں نے مسلمانوں کے متعلق کیا پالیسی اختیار کی اُس کی توضیح کے لئے ہم صرف ایک نقل پیش کرتے ہیں (خان بہادر خورشید احمد صاحب ڈپٹی انسپکٹر مدارس کا بیان ہے)

"اس کے بعد ایک طرف تو مسلم استادوں کی تعداد تعلیم عامہ کے صیغہ میں گھٹائی گئی۔ دوسری طرف جو انگریزی اسکول اضلاع کے صدر مقامات میں قائم کئے گئے وہ بالکل غیر مسلموں کے ہاتھوں میں دیئے گئے۔ یہ پالیسی اس قدر کامیاب ہوئی کہ پچیس سال کے عرصہ میں حالات بالکل بدل گئے اور تعلیم سے مسلمانوں کا عنصر بالکل خارج ہو گیا۔ ۱۸۸۳ء سے ۱۹۰۸ء تک کے نقشوں سے واضح ہوتا ہے کہ معائنہ کنندگان اور استاد سب کے سب ایک مذہب کے لوگ یعنی ہندو تھے کبھی کبھی کسی مسلمان کا نام جو شاذو نادر آتا وہ اس لئے کہ اس وقت صوبہ سرحد بھی پنجاب کے تحت میں تھا۔ اور ہندو استاد وہاں جانا پسند نہ کرتے تھے۔ اس لئے مسلمان وہاں بھیجے جاتے تھے۔

پنجاب کے بعد بنگال وہ صوبہ ہے جہاں مسلمانوں کی اکثریت ہے۔ مگر لہٰذا ہر اسی قسم کی ذہنیت کا نتیجہ یہ ہوا کہ ۱۹۰۱ء میں گورنمنٹ کی چٹھی کے بموجب کل ۱۳۹۲ استادوں میں سے صرف چھبیس مسلمان تھے۔ ۴۶ ڈپٹی انسپکٹروں میں سے صرف دو مسلمان۔ ۱۹۰ سب ڈپٹی انسپکٹروں میں سے صرف ۹ مسلمان۔ (مسلمانوں کے افلاس کا علاج ص۱۷)

یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ تو حضرت شہید کی شہادت سے پچاس سال بعد کے انقلابات ہیں حضرت شہید پچاس سال قبل کیسے اندازہ کر سکتے تھے کہ انگریزی حکومت کے نتائج کیا ہونگے۔ اور یہ کہ سکھ حکومت بہتر ہے یا انگریزی حکومت؟ جواب اول تو یہ ہے کہ سیاسی مفکّر کے لئے درحقیقت پچاس پچاس سال یا بعد کا عرصہ گویا آج کا دن ہوتا ہے۔ بلا شبہ عام آدمی قیاس میں بہت کچھ غلطیاں کرتے ہیں لیکن صحیح الرائے مفکّر کے قیاسات واقعات کا چربہ ہوا کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں حضرت شہید نے جہاد سے پیشتر ہندوستان کی سیاحت فرمائی تھی۔ آپ کلکتہ اور بنگال تشریف لے گئے۔ وہاں

ایک عرصہ قیام فرمایا تھا۔ بنگال کی حالت بدیہی طور پر انگریزی ذہنیت کا نقشہ تھی اور انگریزی حکومت کے نتائج کو بہ بانگ دہل بیان کر رہی تھی۔

بنگال کی حالت اس زمانہ میں کس حد تک پہنچ گئی تھی اس کا اندازہ ان سینکڑوں شہادتوں سے ہو سکتا ہے جو ایسٹ انڈیا کمپنی کے دور کے متعلق خود انگریزوں نے موقعہ بموقعہ پیش کیں مثلاً لارڈ میکالے نے لکھا ہے :۔

اس طریقہ سے بے شمار دولت بہت جلد کلکتہ میں جمع ہو گئی۔ درانحالیکہ تین کروڑ انسان حد درجہ برباد کر دیئے گئے۔ بیشک ہندوستانیوں کو مظالم سہنے کی عادت تھی مگر وہ مظالم اس قسم کے نہ تھے۔

کمپنی کے لوگوں کی چھوٹی انگلی (بنگالیوں کو) سراج الدولہ کے پٹھے سے زیادہ موٹی معلوم ہوتی تھی۔

پرانے حکام کے زمانہ میں ان کے ہاتھ میں ایک علاج تھا۔ وہ یہ کہ جب ظلم ناقابل برداشت ہو جاتا تو وہ بغاوت کر کے حکومت کو توڑ دیتے تھے۔ مگر انگریزی حکومت ہلائے نہیں ہل سکتی تھی۔ یہ حکومت وحشیوں کی سی حد درجہ ظالمانہ حکومت ہونے کے ساتھ جدید تہذیب کے آلات سے مضبوط تھی۔

(حکومت خود اختیاری ص۹)

اس سلسلہ میں لارڈ کلایو نے یہ لکھا ہے :۔

"میں صرف یہ کہہ سکتا ہوں کہ اس قدر بدعملی رشوت خواری اور زیادہ ستانی کا منظر بجز بنگال کے کسی

ملک میں دیکھا یا سنا نہیں گیا۔

(حکومت خود اختیاری ص۱)

یہی زمانہ وہ تھا جس میں پادریوں کا بنگال میں کافی زور رہا حتیٰ کہ انجیل کو سکولوں کے کورس میں داخل کر دیا گیا۔ جو درحقیقت انگریزی زبان سے مسلمانوں کی نفرت اور پھر اُن کے تعلیمی انحطاط کا باعث ہوا۔ بہرحال حضرت شاہ صاحب جیسے مفکرِ جلیل اور مدبرِ اعظم کو چشم دید واقعات کے بعد کیا یہ ممکن تھا کہ سکھ حکومت اور انگریزی حکومت میں امتیاز کو محسوس کر لیتے۔ اور بالخصوص جب کہ حضرت شاہ عبدالعزیز اس عہد کے ہندوستان کو دارالحرب قرار دے چکے تھے۔

## مجاہدانہ سرگرمیوں کا مقصد

حضرتِ شہید کی شہادت تو مسلّم چیز ہے اور یہ بھی مسلم ہے کہ سکھوں کے ساتھ جنگ کرتے ہوئے آپ نے تمنائے شہادت میں کامیابی حاصل کی۔ یہ بھی صحیح ہے کہ آپ نے سکھوں سے جہاد کرنے کے لئے ہی مجاہدین کو فراہم کیا لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آپ کی اس جدوجہد کا مقصد صرف سکھوں سے مقابلہ اور پنجاب ہی کو آزاد کرنا تھا کہ اس کے علاوہ آپ کا مقصد کچھ اور بھی تھا۔

مشہور یہ ہے کہ آپ نے انگریزوں سے مخالفت کا کوئی اعلان نہیں کیا۔ بلکہ کلکتہ یا پٹنہ میں اُن کے ساتھ تعاون کا اظہار کیا اور یہ بھی مشہور ہے کہ انگریزوں نے بعض بعض موقعوں پر آپ کی امداد بھی کی لیکن ان مسلمات کے باوجود احقر کا خیال یہ ہے کہ حضرتِ شہید کی تمام مساعی عام استیلاء ملت اور بالخصوص انگریزوں سے جہادِ حق اور استخلاصِ وطن کے لئے تھیں۔ آپ چاہتے تھے کہ ہندوستان پھر سے دارالاسلام بن جائے۔ ہم کسی طرح تسلیم نہیں کر سکتے کہ شاہ اسمٰعیل شہید اپنے استاد اور عمِ محترم اور شیخ الشیخ (دادا پیر) حضرت شاہ عبدالعزیز کے اس فتوے کے برخلاف کوئی رائے رکھتے تھے۔ ہمارا یقین

ہے کہ حضرت شہید اور حضرت سید صاحب قدس اللہ سرہما کی جملہ مساعی حضرت شاہ عبد العزیز کے فتوے پر عمل تھا۔ اور جب یہ دونوں حضرات شہید ہو گئے اور جہاد کی توقع منقطع ہو گئی تو حضرت شاہ عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ کے فتوے پر دوسرا عمل یہ تھا کہ حضرت مولانا شاہ اسحٰقؒ اور آپ کے رفقا ہندوستان سے ہجرت فرما گئے۔ ہمارے اس یقین کی تائید خود حضرت اسمٰعیل شہید کے مندرجہ ذیل کلمات سے ہوتی ہے:۔

"قیام سلطنت ارتداد بمشابہ غلبۂ کفار است کہ بر ذمہ مسلمین فرض عین می شود کہ بر جہاد قائم بگردانند و ایں شورش و فساد بشمشیر بنشانند و اگر نتوانند ازاں اقلیم ہجرت نمایند و بدار الاسلام فرود آیند۔
(منصب امامت ص۹۸)

## انگریزوں کی بجائے سکھوں پر حملہ

سوال یہ ہے کہ جب مقصود جہاد انگریزوں کو ہندوستان سے نکالنا بھی تھا تو پھر انگریزوں پر حملہ کیوں نہیں کیا گیا۔ اور صرف سکھوں سے جنگ کے بہانہ طاقت کیوں فراہم کی گئی اور محض انہی سے جنگ کیوں ہوئی؟

لیکن جو شخص ارشادِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الحرب خدعۃ (جنگ مخفی تدبیر ہے) سے واقف ہے۔ اس کے لئے یہ سوال یقیناً بادر ہوا ہے۔ جہاد کے لئے سب سے مقدم ضرورت پناہ گاہ کی ہوتی ہے۔ جہاں مجاہدین فرار ہو کر بھی مامون ہو سکیں۔ ہندوستان کے تمام اطراف و ممالک میں مسلمان مجاہدین کے لئے سب سے بہتر پناہ گاہ صوبہ سرحد کا پہاڑی علاقہ ہے۔ یہی جگہ ہندوستان اور دنیا کے تمام اسلامی ممالک کا مرکز اتصال ہے۔ اور ہندوستان کے تمام فاتح اسی راستہ سے ہندوستان میں داخل ہوئے اور

یہی علاقہ قدرت کا وہ محفوظ قلعہ ہے کہ اس پر اگر پوری طرح تسلط ہو جائے تو تمام ہندوستان میں انقلاب کیا جاسکتا ہے۔ لیکن اس مقام پر قابو پا لینے کے بعد دہلی تک پہنچنے کے لئے صوبہ پنجاب راستہ میں پڑتا ہے۔ غالب خیال یہ ہے کہ سکھ حکومت اگر راستہ دینے پر آمادہ ہو جاتی تو سکھوں کے بجائے حضرت شہید کا مقابلہ انگریزی فوج سے ہوتا۔ واللہ اعلم

مگر انگریزی ڈپلومیسی کا یہ عجیب و غریب کرشمہ تھا کہ یہاں سے تو حضرت شہید کے لئے سکھوں پر حملہ کرنے کی سہولتیں پیدا کیں۔ اور پھر سکھ حکومت انگریزوں سے معاہدہ کے باعث مجبور تھی کہ حضرت شہید کو راستہ نہ دیتی اور جب حضرت شہید کی جمعیت ایک لاکھ سے متجاوز ہونے لگی تو آپ کی جمعیت میں عقائد کے متعلق اختلاف پیدا ہوگیا، یا کرا دیا گیا۔ یہ بھی سنا گیا ہے کہ سکھ حکومت نے کچھ سرحدیوں کو روپیہ دے کر حضرت شہید کی فوج میں تفریق پیدا کر دی جو شکست کا باعث ہوئی نہیں کہا جاسکتا کہ تفریق کا باعث سکھ حکومت ہی تھی یا جس طاقت نے زمان شاہ کے ہندوستان میں حملہ آور ہونے کے وقت کئی لاکھ روپیہ خرچ کر کے اس کی ایرانی سرحد پر بغاوت کرائی تھی۔ وہی پوشیدہ ہاتھ یہاں بھی کارفرما تھا۔ بہرحال جہاد کے لئے اس وقت یہی تدبیر کامیاب ہو سکتی تھی کہ سرحدی کوہستان کو پناہ گاہ قرار دے کر پنجاب کے راستہ سے ہندوستان پر حملہ کیا جاوے۔

بلاشبہ حضرت شہید کی شہادت سے کامیابی ناکامی میں بدل گئی۔ مگر کوہستان کا علاقہ عرصہ تک حضرت شہید کے پس ماندہ مجاہدین کی پناہ گاہ بنا رہا۔ چنانچہ سکھوں کی حکومت ختم ہو جانے کے بعد بھی اُن مجاہدین کے حملے انگریزی افواج اور علاقوں پر ہوتے رہے۔ حتّٰی کہ ۱۸۵۷ء کے جہادِ حریت کے پانچ سال بعد یعنی ۱۸۶۲ء میں لارڈ الگن کے زمانہ میں وہ معرکہ پیش آیا جس کو "وہابیوں کی جنگ" سے

موسوم کیا جاتا ہے اور یہیں سے یہ بات بھی معلوم ہوتی ہے کہ حضرت شہید کے ہمنوا حضرات کے لئے وہابی کے خطاب کا منشا اور مخرج کیا ہے۔

یہ تھا سیدنا اسمٰعیل شہید رح کے مساعیٔ جلیلہ اور مجاہداتِ عظیمہ کا مقصدِ مبارک۔ خدا کے ہاں اس سے سوال نہ ہوگا کہ مقصد میں کامیابی ہوئی یا ناکامی۔ خدا کے ہاں حضرتِ شہید کی وہ قربانیاں مقبول ہونگی جو آپ نے اعلائے کلمۃ الحق کے لئے پیش کیں۔ العظمۃ للّٰہ اس مقدس جماعت کی جفاکشی بذاتِ خود حیرت انگیز ہے جو ایک مفکّر کو لرزہ براندام کر دیتی ہے۔ خیال فرمایئے صوبہ سرحد تک حضرت شاہ صاحب اور آپ کی جماعت کا پہنچنا کس قدر دہشتناک ہے۔

سہارنپور کے ضلع سے گذر کر ہمالیہ کا دامن شروع ہوتا ہے۔ جو ہولناک پہاڑیوں کی شکل میں پنجاب کی شمالی سرحد سے ٹکراتا ہوا کشمیر سے گزر کر صُوبہ سرحد کے کوہستان سے جا ملتا ہے۔ سینکڑوں میل کا پہاڑی علاقہ ہے جس کا ایک میل طے کرنا بھی مشکل ہے۔ آج ہمارے لیڈر اگر تھرڈ کلاس میں سفر کر لیتے ہیں تو اپنی قربانی کے بلند بانگ دعوے سے چاہتے ہیں کہ تمام دنیا کو سر پر اٹھا لیں۔ لیکن قربانی یہ ہے کہ ایک مقدس جماعت بے یار و مددگار چلتی ہے۔ نہ اس کے پاس جنگی سامان قابلِ اطمینان ہے نہ سامانِ رسد بقدرِ ضرورت ہے۔ فاقوں پر فاقے ہیں پاؤں ہیں چھالے مگر نظر مقصد پر جمی ہوئی ہے۔ اولاد کو چھوڑا، اہل و عیال کو خیرباد کہا، وطنِ عزیز کے عیش و آرام پہ لات ماری۔ ایک مقصد سامنے ہے اور اس پر سب کچھ قربان! سبحان اللّٰہ و العظمۃ للّٰہ۔

# شاہِ شہید کی آخری آرامگاہ

خواجہ عبدالوحید
سکرٹری
اسلامک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ لاہور

جو لوگ ایبٹ آباد کے راستہ کشمیر گئے ہیں۔ انہیں معلوم ہے کہ مانسہرہ سے قریباً ۲۴ میل آگے اور گڑھی حبیب اللہ سے قریباً ایک میل ادھر ایک بہت بڑا پہاڑی نالہ بہتا ہے۔ جو تھوڑی دور جاکر دریائے کنہار یا نین سکھ میں جا ملتا ہے۔ کشمیر کی سڑک اس نالہ میں سے ہو کر گذرتی ہے

اگر گڑھی حبیب اللہ کے راستہ کو چھوڑ کر پہاڑی نالہ کے بائیں کنارے پانی کے بہاؤ کے ساتھ ساتھ چلے جائیں تو تھوڑی دور جاکر آپ دریائے کنہار کی وادی میں پہنچ جائیں گے۔ اس وادی کے درمیان دریا کے متوازی ایک پختہ سڑک چلی گئی ہے۔ یہ سڑک جو کبھی دریا کی سطح کے برابر ہو جاتی ہے اور کبھی اس سے بہت بلند۔ ایک ایسے خوبصورت۔ اور سرسبز و شاداب علاقہ میں سے گذرتی ہے جس کی مثال ہندوستان کے دوسرے علاقوں میں بہت کم ملے گی۔ بالخصوص برسات کے موسم میں جب کہ ہر طرف سے برساتی نالے گر رہے ہوں اور جگہ جگہ پانی کی روانی جاذب نظر ہو رہی ہو اس کوہستانی منظر کی دلکشی اور بھی بڑھ جاتی ہے۔

اس راستہ پر اگر دریائے کنہار کے بائیں کنارے کنارے اوپر کی جانب چلے جائیں تو بارہ چودہ میل کا پُرلطف اور پُرفضا فاصلہ طے کرنے کے بعد ضلع ہزارہ کا وہ تاریخی مقام نظر آتا ہے

جسے بالاکوٹ کہتے ہیں۔ اور جس کا چپّہ چپّہ ہندوستان کے آخری مسلمان مجاہدین کے پاکیزہ خون سے رنگین ہوچکا ہے۔ اور جہاں تاریخ ہند کے عہدِ اسلامی کی چند عدیم النظیر ہستیاں محوِ استراحت ہیں۔ بالاکوٹ کے مقام پر دریا کے پار جانے کے لئے ایک پل موجود ہے۔ اس پل کو پار کرکے آپ وادیٔ کاغان میں داخل ہوجائیں گے۔

بالاکوٹ کا مقام ایک بہت ہی پرفضا مقام ہے اور اس کے گرد چاروں طرف فلک بوس پہاڑ اس کی حفاظت کررہے ہیں۔ ایک طرف کنہار ایسا خوفناک دریا جو بلندی سے نشیب کی طرف بڑی تیزی سے گرتا چلا آتا ہے۔ بالاکوٹ کی محافظت کا فرض ادا کررہا ہے اور دوسری طرف کوہستانِ ہزارہ کی عظیم الشان چوٹیاں جن میں سے بعض تیرہ تیرہ چودہ چودہ ہزار فٹ بلند ہیں باہر سے آنے والوں کا راستہ روکے کھڑی ہیں۔ اور آج اس بیسویں صدی میں بھی ایک ہی سڑک جو دریا کے کنارے کنارے یہاں تک چلی گئی ہے اگر توڑ دی جائے تو باہر سے اس مقام پر پہنچنا محال ہے۔

یہی بالاکوٹ کا مقام تھا۔ جہاں ۱۲۴۶ھ میں ہندوستان کے وہ مجاہدین اعظم سیّد احمد بریلوی اور شاہ اسمٰعیل شہید رحمہما اللہ تعالیٰ پشاور اور اس کے گرد و نواح کے نام نہاد مسلمانوں کی غدّاری سے تنگ آکر اور مجبور ہو کر پناہ گزیں ہوئے۔ اس زمانہ میں یہ مقام آج کے مقابلہ میں بہت زیادہ محفوظ تھا اور سیّد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو اس بات کا پورا اطمینان حاصل تھا کہ وہ یکسوئی سے یہاں بیٹھ کر مجاہدین کی ازسرِ نو تنظیم فرماسکیں گے۔ اس مقام کے محفوظ ہونے کے متعلق مجاہدین کی جماعت کسی حد تک مطمئن تھی۔ اس کا اندازہ سید صاحب کے

ایک خط کے مندرجہ ذیل الفاظ سے ہو سکتا ہے جو آخری معرکۂ کارزار و شہادت سے صرف گیارہ روز پیشتر لکھا گیا تھا۔ سیّد صاحب فرماتے ہیں:۔

"فی الحال بالاکوٹ کے قصبہ میں کہ اس کے دروں میں سے ایک درّہ میں واقع ہے جمعیتِ خاطر کے ساتھ ٹھہرا ہوا ہوں اور کفار کا لشکر بھی مجاہدین کے مقابلہ کے لئے تین چار کوس کے فاصلہ پر ڈیرہ ڈالے ہوئے ہے۔ لیکن چونکہ مقام مذکور نہایت محفوظ ہے لشکرِ مخالف خدا کے فضل سے وہاں تک نہیں پہنچ سکتا۔"

مذکورہ بالا الفاظ اس بات کی صراحت کرتے ہیں، کہ باوجود اس بات کے کہ کفّار کا لشکر تین چار کوس کے فاصلہ پر ڈیرہ ڈالے ہوئے تھا مجاہدین کی جماعت اپنے آپ کو بالکل محفوظ پاتی تھی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بالاکوٹ کے مقام تک پہنچنے کا جو پہاڑی راستہ تھا اس کو گھنے جنگلوں نے ناواقفوں کی نگاہوں سے چھپا رکھا تھا۔ خود اس علاقہ کے رہنے والے خاص خاص لوگ ہی اس راستہ سے واقف تھے

سکھ فوج کے کمانڈر راجہ شیر سنگھ نے کئی روز کی ناکام کوشش کے بعد بالاکوٹ کے مقام تک پہنچنے کی امید توڑ دی۔ اور وہ اپنا رُخ کسی دوسری جانب پھیرنے پر مجبور ہو گیا عین اس موقع پر کسی مسلمان نے اسے بالاکوٹ کے اس خفیہ راستہ سے آگاہ کر دیا نتیجہ یہ نکلا کہ عالمِ بے خبری میں مجاہدین کے سروں پر سکھوں کا ٹڈی دل منڈلانے لگا۔ اور دیکھتے دیکھتے بالاکوٹ کی سرزمین پر دشمنِ اسلام فوج پھیل گئی۔

سکھوں کی فوج کو مجاہدینِ اسلام کے مختصر گروہ تک پہنچانے والے کون تھے۔ یہی

اسلام کے نام لیوا جن کے دل اسلام سے بیزار تھے لیکن جن کی زبانیں اسلام کا نام لے رہی تھیں۔
اسلام کی تاریخ میں یہ کوئی انوکھا موقع نہ تھا۔ عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا خون بہانے والی تلوار بھی ایک
کلمہ گو کے ہاتھ میں تھی۔ اور جناب امیر علیہ السلام کا خون بھی بہا تو ایک کلمہ گو کے ہاتھ سے۔ کربلا
کے میدان میں اہلِ بیت کے جسمہائے اطہر کو زخموں سے چور کرنے کے لئے کلمہ گوؤں کی تلواروں
ہی نے کام کیا۔ اور تیرھویں صدی ہجری کے مجاہدینِ اسلام کے سینوں پر گولیاں اور تلواریں چلانے
میں بھی انہیں نام نہاد مسلمانوں کو وسیلہ بنایا گیا۔ بالاکوٹ کے در و دیوار کوہ و دریا شجر اور حجر سب
اس المناک افسانے کو آج بھی دہرا رہے ہیں۔ بالاکوٹ کی زمین اور وہاں کا آسمان شہادت
دیتے ہیں کہ دشمنانِ دین کو محبانِ دین کے سروں پر لا کھڑا کرنے کا فریضہ ادا کرنے والا اسلام کے نام نہاد
نام لیواؤں ہی کا ایک گروہ تھا۔

یہ جماعت جو ہمیشہ اسلام کا نام لے کر اسلام کی تباہی کے درپے رہا کرتی ہے قرآن کی
اصطلاح میں منافقین کی جماعت کہلاتی ہے۔ اس جماعت نے ہمیشہ دنیائے اسلام کو تباہ کرنے
میں دشمنانِ اسلام کا ساتھ دیا۔ اور اسی لئے کفار کو اگر "عذابِ عظیم" کی بشارت دی گئی تو انہیں
"عذابِ الیم" کا مستحق قرار دیا گیا۔ اگر اسلام کے کھلے دشمنوں کو "جہنم کا حق دار بنایا گیا تو ان چھپے
دشمنوں کو درک الاسفل من النار کے ٹھکانے کی خوشخبری دی گئی۔

"تاریخ کے مطالعے سے اگر سبق حاصل نہ کیا جائے تو وہ مطالعہ بے کار ہے۔ ماضی کی روشنی
میں حال کو سمجھنا اور مستقبل کو خوشگوار بنانا ہی مطالعۂ تاریخ کا مقصد ہے۔ بالاکوٹ میں جو کچھ ہوا
اس افسانہ کو دہرانا محض اس لئے ضروری نہیں ہے کہ ایک محفلِ عزا برپا کر کے اپنی عقیدت کا

اظہار کر لیا جائے۔ بلکہ یہ مقصود ہونا چاہیئے کہ ہم اس سے اپنے لئے کوئی راہِ عمل پیدا کریں۔ بالاکوٹ کے گرد و نواح کے منافقوں نے اگر غداری کی تو مجاہدین کا کچھ نہ بگڑا۔ اس لئے کہ وہ تو کامیاب و کامران ہو کر اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔ وہ اگر اس دنیا کی فانی زندگی کو کھو گئے تو کیا ہوا انہیں اپنے رب کے ہاں ابدی زندگی حاصل ہو گئی۔ ولا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ اموات بل احیاء ولکن لا تشعرون ○ (البقرہ ۱۵۴)

وہ اگر اس دنیا کی مادی نعمتوں سے محروم ہو گئے تو کوئی مضائقہ نہیں۔ انہیں خالق ارض و سما کے حضور میں ابدی نعمتیں حاصل ہو گئیں۔

ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا ط بل احیاء عند ربھم یرزقون ○ فرحین بما اتٰھم اللہ من فضلہ ویستبشرون بالذین لم یلحقوا بھم من خلفھم الا خوف علیھم ولا ھم یحزنون ○ یستبشرون بنعمۃ من اللہ وفضل و ان اللہ لا یضیع اجر المومنین ○ (آل عمران ۱۷۰-۱۷۱)

نقصان اگر ہوا تو بعد میں آنے والوں کا۔ جو غلامی کی ذلیل زندگی میں ایسی بری طرح پھنس گئے کہ پھر ایک صدی گذر جانے پر بھی آزادی کی خواہش اُن کے دلوں میں عمل کا جذبہ نہ پیدا کر سکی۔

بالاکوٹ کے مقام کی جغرافیائی کیفیت اس کے اندر حفاظت و استحکام کے تمام سامان بہم پہنچا رہی تھی۔ فلک بوس پہاڑ، تیز رفتار دریا، گھنے جنگل اور اشجار و احجار سب کے

سب مجاہدین کی حفاظت کے لئے کافی تھے۔ لیکن قدرت کے یہ تمام سامان انہیں منافقین کی ریشہ دوانیوں سے نہ بچا سکے۔ اس ایک امر واقعہ کے متعلق آج کے مسلمانوں کے لئے عبرتوں کے خزانے موجود ہیں، جس قوم کا اپنا کیریکٹر ذلیل ہو جس قوم کے اپنے افراد کو دوسرے خرید سکتے ہوں، جس قوم کے دل و دماغ اپنی تعمیر کی بجائے دشمنوں کے گھر بنانے میں کام آتے ہوں جس قوم کے نوجوانوں کی ذہنی اور جسمانی قوتیں غیروں کی طاقت بڑھا رہی ہوں ایسی ظالم قوم کو تباہی و ہلاکت سے دنیا کی کوئی طاقت نہیں بچا سکتی۔ اگر بالاکوٹ کا قدرتی ماحول تمام حفاظتی سروسامان کے باوجود مجاہدین کی جماعت کو دشمنوں سے نہ بچا سکا تو آج ہندوستان کے نو کروڑ مسلمان جو اپنے اندر صلاحیت پیدا کرنے پر آمادہ نہیں جو خود خدا کے دین کی پابندیوں سے آزاد رہنا چاہتے ہیں جن کے دل اسلام کے قانون سے متنفر اور جن کی زبانیں اسلام کی اطاعت سے یکسر انکاری ہیں ان کو کس طرح رعایات و حقوق کا قانونی تحفّظ زندگی بخش سکتا ہے۔

بالاکوٹ کی سرزمین پر جو کچھ ہوا۔ وہ منظر چشم فلک نے احد کے میدان میں بھی دیکھا تھا۔ اس میدان میں مسلمانوں کو ہر طرح کا سروسامان حاصل تھا۔ وہ پوری تیاری کے ساتھ معرکۂ کارزار میں دادِ شجاعت دینے آئے تھے۔ علاوہ ازیں ان کے درمیان دنیا کے سب سے اولوالعزم نبی کی ذات بابرکات موجود تھی۔ یہ سب کچھ تھا لیکن نتیجہ مسلمانوں کے حق میں نہ نکلا۔ مسلمانوں کو شکست فاش ہوئی اور وہ اس بدحواسی کے ساتھ میدان سے بھاگے کہ قرآن کی شہادت یہ کہہ رہی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں چلّا چلّا کر پکار رہے تھے لیکن وہ مڑ کر بھی نہ دیکھتے تھے۔ اس کی وجہ کیا تھی مسلمانوں کا اندرونی اختلاف۔ اور نبی صلّی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی نافرمانی۔ بالاکوٹ میں بھی یہی ہوا۔ قدرت نے ہر طرف سے

تحفظ اور امن و امان کا سرو سامان بہم پہنچا رکھا تھا۔ مجاہدین کا گروہ جانیں دینے پر آمادہ تھا۔ اور واقعہ بھی یہ ہے کہ ہر ہر مجاہد نے خوب دادِ شجاعت دی۔ اُس وقت کا سب سے بڑا انسان بنفسِ نفیس موجود تھا۔ اس کی شجاعت بھی کار فرما تھی۔ اور اس کی رُوحانیت بھی اپنا جلوہ دکھا رہی تھی۔ یہ سب کچھ ایک طرف اور بالاکوٹ کے ایک یا چند نام نہاد مسلمانوں کی غداری ایک طرف۔ اول الذکر تمام سازوسامان ثانی الذکر خباثت کے تباہ کن اثرات کو زائل کرنے سے یک قلم قاصر رہا اور نتیجہ یہ نکلا کہ ہندوستان کا ملک جہاں فرزندانِ اسلام نے کم و بیش سات سو برس عظیم الشان فرمانروائی کی تھی ایک نامعلوم عرصہ کے لئے عزت و حکومت سے بالکل محروم ہو گیا۔

مجاہدین کا یہ گروہ جس کی قیادت سیّد احمد بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے مبارک ہاتھوں میں تھی ماہ رجب ۱۲۴۶ھ میں بالاکوٹ میں داخل ہوا تھا اور ۲۴ ذیقعدہ ۱۲۴۶ھ کے روز آخری معرکہ کارزار گرم ہوا۔ مجاہدین شیرانہ جرات سے کثیر التعداد دشمن سے لڑے اور دادِ شجاعت دیتے ہوئے شہید ہو گئے۔ حضرت سیّد احمد بریلوی اور شاہ اسمٰعیل شہید رحمہما اللہ تعالیٰ نے بھی جامِ شہادت نوش فرمایا معتبر روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ سکھ سردار فوج نے سید صاحب اور شاہ صاحب کی لاشوں کو شناخت کرا کے بالاکوٹ ہی کے ماحول میں سپردِ خاک کر دیا۔ آج جب کہ انہیں اس دنیا سے رخصت ہوئے ایک صدی سے اوپر عرصہ گذر چکا ہے۔ دنیا ان شہیدانِ حق کے کارناموں کو یاد کر رہی ہے اور جوں جوں زمانہ گذرتا جائے گا ہندوستان کے ان آخری مجاہدینِ اسلام کی یاد احساس رکھنے والے مسلمانوں کے لئے سرمایۂ عبرت بہم پہنچاتی رہے گی۔ بالاکوٹ کے مقام کو دیکھنے والا شخص آج بھی اس کے درودیوار اور کوہ و دریا سے ان مجاہدین کے کارناموں کا افسانہ سُن سکتا ہے۔ آج

بھی بالاکوٹ کی خاک سے اہلیت رکھنے والوں کو انوارِ روحانیت نکلتے نظر آئیں گے۔ بالاکوٹ کا
منظر چشمِ بصیرت رکھنے والوں کو بتا رہا ہے کہ گو قدرت نے مجاہدین اسلام کے لئے ہر طرح کا ساز و
سامان بہم پہنچا دیا تھا۔ تاہم مسلمانانِ ہزارہ کی غداری اور اسلام دشمنی نے اسلام کے چراغ کو بجھا
دینے کی پوری کوشش کی، لیکن یریدون لیطفؤا نور اللہ بافواھھم واللہ متم
نورہ ولو کرہ المشرکون

مسلمان یا نام نہاد مسلمان اپنے آپ کو مسلمان کہنے والے اور اسلام سے لب و لہجہ اختیار کرنے
والے مسلمان مٹ سکتے ہیں لیکن اسلام خدا کا ازلی و ابدی پیغام کبھی مٹ نہیں سکتا۔ اس کا نام
روشن کرنے والی مجاہدین کی جماعت ہے جو خود مٹ کر اسلام کا نام اُچھال جاتی ہے۔ ایسے ہی
پاکباز مجاہدوں کی مبارک نعشیں بالاکوٹ کے مقام پر دفن ہیں۔ مبارک ہیں وہ لوگ جو اس خاکِ
پاک کو دیکھ کر اپنے لئے سرمایۂ عبرت حاصل کر لیں۔ اور خوش نصیب ہیں وہ مسلمان جو شہیدانِ راہِ
حق کی مبارک سوانحِ حیات سے اپنے لئے زندگی کا کوئی مفید سبق اخذ کر لیں۔

aspire to power, prestige and progress as the great Himalayas suggest.

> "He defended the Islamic Faith with the courage that a lion gathers to defend its cubs, and in the expression of truth he cared neither for a javelin nor for an arrow."

Kandhar and thence proceeded to Kabul, ultimately entering the Punjab through the Khyber Pass. They were engaged in many a skirmish, and sent messages to Bukhara, Badakhshan and Kashghar. After considerable success, Sayyid Ahmad decided to retire into the Kashmir mountains, owing to the disloyalty of some Muslims. He was on his way chased by the Sikhs to Balakot where he had guarded himself. A deadly conflict took place there, and the Muslim fighters in the name of Allah met the enemy with traditional martial courage. The corpses of Sayyid Ahmad and Shah Ismail were discovered amongst the slain. Such is the chivalrous end of the two great Muslims who guided by a burning desire to exalt the name of Allah and to elevate the condition of His people from a quagmire of degradation and ignorance laid their lives at the altar of sacrifice.

Nadir Shah came, plundered and went away. Ahmad Shah Abdali broke the rising Hindu power and went back; but the Mughal was weakened as a consequence, although men like Nawab Abd-us-Samad had done much to keep the situation well in hand, but they were political men; the Sayyids were, on the other hand, guided by the torch of Islam and in the height of their ideals and freshness of ideas, they have left for the present generation a precious heritage. While circumstances have changed and new problems have arisen, Ismail Shahid beckons us from the secluded heights of Balakot to rise above the low and narrow view of life and

battle-field as a full-fledged soldier of unusual character. It appears that in Ismail Shahid the deteriorated spirit of the Indian Muslim was trying to recoup its health. Surely that was the way to adapt himself to circumstances and to rise up to great adventures. Not only did the poor Mughals lose the empire, but their physical health also gave way because they forgot the evil influence of the Indian climate and circumstances, that something indescribable which paralysed through the ages the great dynasties that came to rule this vast sub-continent. Ismail Shahid was manifestly learning to protest against the circumstances. He also assumed full control over his own self, when, as his biographers tell us, he could sleep and wake at will, a fact which shows that the great man first became the master of his own little state of the self, as Aristotle calls it, and was then inspired to secure control of the bigger political state.

As the ground had been prepared by Shah Waliullah and Shah Abdul Aziz, Syed Ismail first diverted his attention to the reform of Muslim society and was opposed even by Maulvi Fazl-ul-Haq, an eminent man of letters of the day, and the matter was brought to the notice of Akbar Shah. A far nobler part was played by Sayyid Ismail Shahid, the right hand man of Sayyid Ahmad of Bareilly, in the story of Jihad of the latter's followers during the twenties of the 19th century on the North-Western Frontier. As a group they passed through Southern Punjab, reached

fore as leaders of the nation.

The two great Sayyids who set before themselves a gigantic task inspired by a new vision have a history of their own, which is as stirring as the story of adventures of any great military genius, but it is a closed book consigned to a secluded shelf, and Muslim India has not yet realized its actual significance. The life events of the Sayyids are intertwined, but herein we are concerned only with the character and exploits of Ismail the Martyr, who with great courage, vigour and lofty ideals has shown us the way to the glory of self-sacrifice. Shah Ismail Shahid, as he is called, was the grandson of Shah Wali Ullah, the famous Traditionist, born in 1778 A.D. in Delhi and was the dearly beloved nephew of Shah Abdul Aziz. As a boy he showed signs of a great future, and was particularly noted for sharp memory and taste for books. He soon acquired a good standard of education with a fair introduction to philosophy, mathematics and geography, which subjects, unfortunately, are not cared for by the present-day maktabs. He was at the same time interested in horse-riding, tent-pegging, swordsmanship, archery, fencing and many other arts of physical culture. He was a great expert in swimming, and it is said that he used to swim from Delhi to Agra and back to Delhi in the river Jamna. He was also accustomed to acquiring immunity to hardships ; for instance he walked bare-foot on the sun-scorched floor and exposed his body to the sun for hours, which practices were to enable him to go to the

Towards the close of the eighteenth century the political horizon of India was full of smoke and confusion. Only a few decades before, Nadir's invasion had left the Mughal ruler broken and India half desolate. The political affairs of the country had become more intricate owing to the mental and spiritual degradation of the Indian Muslims, a direct result of power and pelf, with the least care to exploit the fabulous wealth of India for constructive purposes of life.

